سورۂ ناس سے
مشکلات کا حل

قُلْ

أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝

إِلَٰهِ النَّاسِ ۝ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ

الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي يُوَسْوِسُ

فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

جسمانی اور روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب

سورۂ ناس سے مشکلات کا حل

مؤلف: اقبال احمد مدنی

شمع بک ایجنسی
نوید اسکوائر اردو بازار کراچی
Ph:2773302

نام کتاب ——— سورۃ ناس سے مشکلات کا حل
مؤلف ——— اقبال احمد مدنی
ناشر ——— شمع بک ایجنسی
پرنٹر ——— خالد پرنٹر کراچی
سن اشاعت ———
قیمت ——— -/40 روپے

شمع بک کارنر امین پور بازار فیصل آباد
PH:041,2640013

تعارف (114) سورۃ ناس

وجہ تسمیہ

پہلی ہی آیت کے لفظ الناس کو اس سورۃ کا نام قرار دیا گیا ہے۔

نام سورۃ ناس، ناس کے لغوی معنی انسان، تعداد رکوع 1، منزل 7، پارہ 30، ترتیب سورۃ 114، نزول سورۃ 21، مقام نزول مکہ، تعداد آیات 6، تعداد کلمات 20، تعداد حروف 79، تعداد سورۃ ناس 7701۔

نقش سورۃ ناس یہ ہے۔

۲۵۷۰	۲۵۶۳	۲۵۶۸
۲۵۶۵	۲۵۶۷	۲۵۶۹
۲۵۶۶	۲۵۷۱	۲۵۶۴

نقش کی رفتار یہ ہے

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

مندرجہ بالا نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے اس نقش کو اس وقت لکھیں جب طالع قوس ہو، ساعت قمر کی ہو، دن پیر کا ہو، بخور میں کافور جلائیں تعویذ لکھنے کے لئے سفید رنگ کا کاغذ استعمال کریں۔

فضائل سورۃ الناس

نسائی ابن حبان سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تو (سورۃ فلق 113) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (سورۃ ناس 114) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ کو پڑھ تو ہرگز نہ پڑھے گا ان دونوں جیسی یعنی تعوذ کے حق میں کوئی ان سورتوں کے برابر نہیں۔

اور ترمذی ابو داؤد و نسائی وغیرہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگا کرتے تھے جن اور آدمی کی نظر سے (اور دعائیں پڑھ کر) یہاں تک کہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس اتری تو آپ نے پناہ کے لئے ان دونوں کو اختیار کیا اور اس کے سوا دوسری دعاؤں کو چھوڑ دیا۔

اور ابن ابی شیبہ سے مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ مانگا کسی مانگنے والے نے اور نہ پناہ پکڑی کسی پناہ چاہنے والے نے ان دونوں جیسی۔ یعنی سوال اور پناہ مانگنے میں کوئی اس کے مثل نہیں۔

اور بھی ابن ابی شیبہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو ان دونوں کو پڑھ سونے کے وقت اور اٹھنے کے وقت اور مسلم، ترمذی، نسائی میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عجیب آیتیں ہیں کہ آج کی رات اتری ہیں تو نے ان جیسی کبھی نہ دیکھی ہوں گی وہ آیتیں (سورۃ فلق 113) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور (سورۃ ناس 114) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہیں۔ (حصن حصین)

اور بھی حدیث شریف میں ہے کہ جو کوئی جمعہ کی نماز کے سلام پھیرنے کے بعد نماز کی ہیئت پر بیٹھا ہوا سورۃ فاتحہ اور اخلاص اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ

اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سات سات بار پڑھے تو اللہ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے اور اس کو ہر مومن کے موافق ثواب عنایت فرماتا ہے اور ابن سنیؒ نے حضرت عائشہؓ سے راوی کیا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی بعد نماز جمعہ کے سورۂ اخلاص اور فلق اور ناس سات سات بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ان کی وجہ سے دوسرے جمعہ تک ہر برائی سے پناہ دیتا ہے۔ کذا فی وظائف النبی (خیر متین)

نقوش کو لکھ کر استعمال میں لانے کا طریقہ

اس عمل میں جہاں تک نقوش کو پہننے کا سوال ہے تو اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ ایک بالکل سفید رنگ کا بڑا سا کاغذ لیں۔ جو اکثر بازار سے (بٹر پیپر) کی صورت میں مل جاتا ہے۔ اس ایک ہی صفحے پر ان نقوش کو علیحدہ علیحدہ دونوں کی ترتیب سے چھوٹے چھوٹے موقع کی مناسبت سے تحریریں کریں اور پینے والے نقوش کو اس طرح استعمال کریں کہ کاغذ کے چھوٹے چھوٹے بیس ٹکڑے بنالیں اور ہر ٹکڑے پر نیا نقش روز لکھ کر اسے پانی یا دودھ یا جیسے بھی استعمال بتایا جائے استعمال کریں اور نیا نقش لکھنے سے پہلے اگر گھر میں پودے رکھے ہوں تو اس کاغذ کو ان پودوں میں رکھ دیں یا کسی دریا یا نہر میں بہادیں۔ اس ہدایت کو ضرور یاد رکھیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ بار بار ان باتوں کو نہ لکھا جائے اس لئے اگر کسی عمل میں لکھا نہ بھی جائے تو اس کو اس طرح کرنا ہوگا جیسے اب بتادیا ہے۔

اس کے علاوہ ان نقوش کو کسی بھی جائز مقصد میں کامیاب ہونے کی نیت سے کوئی بھی فرد اسی ترتیب سے زعفران سے لکھے اللہ کے حکم سے اس کو ضرور کامیابی حاصل ہوگی جو اس عمل کی بدولت اپنا ایمان صادق رکھ کر کوئی بھی ان اعمال کے علاوہ

کوئی جائز کام کی خواہش رکھتا ہوگا۔ اس کا وہ مقصد ضرور حل ہوگا۔ صرف اس عمل کو ناجائز جگہ مت استعمال کریں ورنہ میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ اگر کوئی اللہ کے پاک کلام کو ناجائز جگہ استعمال کرے تو اس کا وہ کام کبھی نہ ہو چاہے وہ لاکھ کوششیں ہی کیوں نہ کرے۔

خواص نقوش سورۃ الناس شریف

اگر کوئی فرد ان تمام نقوش کو سفید کاغذ پر بالترتیب زعفران سے لکھ کر پاس رکھے گا تو وہ تمام انسانی اور غیر انسانی مخلوق کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ان کے حاسد دشمن کا کوئی بھی چلایا ہوا تیر ان پر ہرگز اثر نہیں کرے گا بلکہ ان کے حاسد اور دشمن خود اس مصیبت میں گرفتار ہوں گے جو ان کے لئے کرنا چاہتے ہوں گے۔ اس نقش کو جس گھر یا کاروباری مقام پر لگایا جائے گا وہ گھر یا دکان ہر طرح کے جادو اور ٹونہ سے ہمیشہ محفوظ رہے گی اور اس کے رزق میں برکت کو کوئی بھی اپنے بد اعمال سے روک نہیں سکے گا اور ان کا گھر اور دکان ہر طرح کی چوری و چکاری سے محفوظ ہوگا اور اس میں کبھی بھی نقصان نہیں ہوگا اگر ان نقوش کو بند کر کے تعویذ کی شکل میں جس سواری میں رکھا جائے تو اس سواری کا کبھی حادثہ نہیں ہوگا۔

اس کے علاوہ اس بابرکت سورۃ شریف کے اتنے خواص ہیں جن کو تفصیل وار بیان کرنے سے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہے۔ اس لئے کوئی بھی اپنے کام اور موقع کی مناسبت سے ان نقوش کو بتائے گئے طریقہ کے مطابق عمل میں لائے اللہ کے فضل و احسان سے ان کو کوئی بھی اپنے نیک اور پاک مقصد میں کامیاب ہونے سے نہیں روک سکے گا۔

سورۃ الناس کا دم شدہ تیل

اس تیل میں دم کے ذریعے اثر پیدا کرنے کے لئے سب سے پہلے لازم ہے کہ سورۃ الناس شریف کو پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے 40 دنوں تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اس میں خواہ وہ سارا دن پڑھائی کرے اور ساری رات یہ صاحب عمل کی ہمت کی بات ہے لیکن اس عمل سے مناسبت رکھنے کے لئے 40 دنوں تک سوا لاکھ کی تعداد کو پورا کرنا لازمی اور ضروری ہے۔ پھر اس تیل میں ایک خاص قسم کا اثر اور طاقت پائی جائے گی اور نیچے درج شدہ تمام کاموں میں اس تیل کو استعمال کرنے والے افراد خود حیران ہوں گے کہ بڑے سے بڑا کام کتنی جلدی اور زود اثر کیسے ہوتا ہے۔ (ہدایت) اگر کسی فرد کا اس چلہ کے متعلق کوئی غلط خیال نہ ہو تو وہ یہ بات ضرور یاد رکھے کہ دوران چلہ یا بعد میں اس احساس کو کبھی بھی محسوس نہ ہونے دے کہ میں نے چلہ کیا ہے اور مجھ سے کوئی بھی موکل نہیں آ کر ملا یا مخفی اسرار میں سے مجھے کوئی بھی اسرار معلوم نہیں ہوا اس قسم کے خیالات کو اپنے دل میں قطعی کوئی جگہ نہ دے بلکہ یہ چلہ و عمل صرف دم شدہ تیل کی حد تک سو فیصد ایک کرنٹ کا اثر رکھتا ہے۔ بس چالیس دنوں تک سورۃ الناس کو پڑھے اور دم کے ذریعے اپنا کام کرے اللہ کے حکم سے زبان میں وہ تاثیر پیدا ہوگی کہ خود بھی حیران ہوگا۔

تسخیر کے لئے

اگر کسی کو بھی جائز مقصد کے لئے مسخر کرنا ہو تو صاحب عمل فرد پاؤ زیتون کا تیل لا کر اس پر سورۃ الناس کو جس کو مسخر کرنا ہے اس کے نام کے اعداد اور سائل کے نام کے

اعداد کو آپس میں ملا کر پڑھے اور اس تیل پر دم کرے پھر کچھ مقدار میں کالی مرچیں لے کر ان کو باریک پیس کر اس پر علیحدہ سے اوپر مذکورہ تعداد کے مطابق سورۃ الناس کو پڑھے اور دم کرے پھر ان کالی مرچوں کو روئی کے اندر لپیٹ کر اسے اس تیل میں جلائے اللہ کے حکم سے اس کی تسخیر ضروری ہوگی جس کے لئے یہ عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ اس عمل کو حب کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے لیکن حب جائز ہونی چاہئے مثلاً اگر دو محبت کرنے والے جائز پیار کرتے ہوں اور آپس میں شادی کرنا چاہتے ہوں تو سرسوں کے تیل میں کبوتر کو ذبح کر کے اس کا خون اس میں ملائیں پھر اس پر دونوں طالب ومطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ الناس کو پڑھے اور روئی کو اس تیل میں بھگو کر چراغ میں جلائے اور دھوئیں کو محبوب کے گھر کی طرف حرکت دے اللہ کے حکم سے ان دو جائز پیار کرنے والوں کے درمیان حائل تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا اور ان کی جائز محبت کامیاب ہوگی۔ انشاء اللہ۔

جن سے نجات کے لئے

اگر کسی گھر میں جنات کا قبضہ ہوگیا ہو اور کئی روحانی علاج سے بھی اس کا حل نہ نکلتا ہو تو کسی طریقے سے بکرے کا تازہ خون حاصل کرے اور اس میں چنبیلی کا تیل ملا کر اس پر سورۃ الناس کو بعد نماز مغرب 500 کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور سائل کو ہدایت کرے کہ اس تیل کو اپنے گھر میں ہر کمرے میں روئی کی مدد سے تھوڑا تھوڑا کونوں میں اس طرح لگائے کہ نظر نہ آئے اس عمل سے گھر کا حصار ہوگا پھر اسی تیل میں روئی کی جتنی بھی بتیاں بن سکیں ان کو بھگو کر چراغ میں قبلہ رخ جلائے اللہ کے حکم سے جنات اس گھر میں نہیں رہ سکیں گے اور اپنا کیا ہوا قبضہ یہاں سے چھوڑ دیں گے۔

آسیب زدہ کے لئے

اگر کسی مرد یا خاتون کو ایسا ظالم جادو کر دیا ہو جس سے اس کے جسم میں بھوت یا کوئی غیر انسانی مخلوق حلول کرتی ہو اور کسی بھی علاج سے شفاء نہ ہو تو کسی سفید کاغذ کو عطر سے معطر کرے (سفید کاغذ وہ استعمال کرے جس پر لائنیں نہ لگی ہوں) اور اس کاغذ پر سارا عمل اس طرح تحریر کرے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ (سورۃ حشر 59 آیت 22 سے 24)

، هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ) وَ بِحَقِّ (قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّهْدِیْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا (سورۃ جن 72 آیت 1 سے 4) اس تحریر کو زعفران سے لکھے اور کچھ مقدار میں زیتون کا اتنا تیل لے جو صرف ایک مرتبہ ملتے ملتے ختم ہو جائے اس تیل پر سب سے پہلے سورۃ الناس کو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے پھر اس مریض کا نام مع والدہ ہر مرتبہ سورۃ کے آخر پر لے اور اس کاغذ پر اس تیل کو پاک روئی کی مدد سے ملتا جائے اور سورۃ کا ورد کرتا جائے جب یہ خشک ہو جائے تو اس پر خوب

صورت خوشبو والا عطر لگا کر اسے تعویذ کی طرح بند کرے اور چاندی کے بنے ہوئے نقش میں رکھ کر اس مریض کو دے تا کہ وہ اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اس کے اثرات دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔

حفاظتی دھاگہ

اس کو کوئی بھی تمام قسم کے شر پہنچانے والے انسان و جنات سے محفوظ رہنے کے لئے کر سکتا ہے چند قطرے سرسوں کا تیل اس پر صاحب عمل فرد سورۃ الناس کو سائل کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور تیل پر دم کرے پھر ایک کالی ڈوری کو تیل میں اچھی طرح سے لگا لگا کر تیل کو ختم کر دے سے اور سائل کو ہدایت کرے کہ اس کو اپنے گلے میں باندھے اور غسل خانے میں جانے سے پہلے اتار کر اندر جائے اللہ کے حکم سے جب تک یہ حفاظتی ڈوری اس کے پاس رہے گی تب تک کوئی بھی انسان اور غیر انسانی مخلوق اس پر مسلط نہیں ہو سکے گی اس ڈوری کو کوئی بھی اپنے کسی بھی مقصد کی خاطر استعمال کر سکتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی بچہ دودھ نہ پیتا ہو یا اسے مسان کی شکایت ہو تو اس ڈوری کو اس طریقے سے دے تا کہ وہ اسے اپنے گلے میں باندھے اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو تو اس ڈوری کو وہ لڑکی اپنے گلے میں پہنے اللہ کے حکم سے اس کا رشتہ اچھی جگہ طے ہو گا۔

گھر سے بھاگے ہوئے کے لئے

اس عمل کو اس طریقے سے کرے کہ اگر کوئی بچہ پڑھائی سے بھاگتا ہو یا ویسے ہی گھر نہ رہتا ہو تو سرسوں کے پاؤ تیل میں گڑ سیاہ کا تیل ملائے اور صاحب عمل فرد سورۃ

الناس کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سائل کو ہدایت کرے کہ اس تیل کی مالش اس بچے کے سر پر کرے اگر مالش کرنے سے شفاء نہ ملے تو روئی پر اس تیل کو لگا کر ایک ایک قطرہ اس بچے کے کانوں میں ڈالے اور مالش والا عمل بھی جاری رکھے اللہ کے حکم سے کامیاب ہو گا اگر کوئی بڑا گھر سے بھاگ جائے اور اس کی خیر و عافیت کی کسی بھی طریقے سے خبر معلوم نہ ہو رہی ہو تو سرسوں کے تیل میں ایک چڑا ذبح کر کے اس کا خون ملائے اور اس میں روئی کی بتیاں بنا کر اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھ کر ان بتیوں کو چراغ میں جلائے اور عمل کرنے والا بھی چراغ کو جلا کر سورۃ الناس کو مسلسل پڑھتا رہے اللہ کے حکم سے مفرور جہاں بھی ہو گا اس سے ایک قدم بھی آگے نہیں جا سکے گا اور گھبرا کر واپس ضرور آئے گا اگر کوئی چور چوری کر کے بھاگ جائے اور کسی بھی صورت اس کا سراغ نہ ملتا ہو تو پاؤ سرسوں کے تیل میں چوہے کا خون ملائے اور اس پر سورۃ الناس کو 51 مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر اس میں روئی کی بتیاں بھگو کر اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھے اور انہیں چراغ میں جلائے اللہ کے حکم سے چور جہاں بھی ہو گا وہیں کسی مصیبت میں گرفتار ہو گا اور جب تک اس مال کو واپس نہیں کرے گا اسے کسی بھی طور سکون نہیں ملے گا۔ اس لئے اس عمل کو کرنے والا فرد اگر پہلے سے کسی کو مطلع کر دے تو ہو سکتا ہے کہ اس عمل کے ڈر و خوف سے کوئی ان کا اپنا چوری کا سامان اسی جگہ رکھ دے جہاں سے اس نے چرایا ہے کیونکہ بعد اس عمل کے وہ ظاہر ہو کر رہے گا جو یقیناً چور ہو گا۔ اس لئے اس عمل کو کرنے سے پہلے سب کو آگاہ ضرور کریں۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی آپس میں صلح سے نہ رہتے ہوں اور ان کی حرکات سے گھر کے

دوسرے افراد بہت تنگ آ چکے ہوں تو پاؤ سرسوں کے تیل پر بعد نماز عصر سورۃ الناس کو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آخر میں دونوں میاں بیوی کا نام اس طرح لے فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بنت فلاں اور سورۃ کو پھر شروع سے پڑھے تیل میں زیادتی پیدا کرنے کے لئے اس میں دوسرا نیا تیل نہ ملائے بس اتنے تیل پر دم کرے جتنا استعمال کے بعد ختم ہو جائے اس تیل کو ختم نہ ہونے تک روزانہ بعد نماز عصر دم کر کے رکھ لیا کرے اور دونوں میاں بیوی اس تیل کی سر پر مالش کیا کریں۔ اللہ کے حکم سے ان میں ایسی کوئی بھی وجہ پیدا نہیں ہوگی جو لڑائی وغصہ کا سبب بنے۔

زبان بندی کے لئے

اس عمل پر کامیاب ہونے کے لئے دو مرغوں کو ذبح کرنا ہوگا ایک بالکل سفید اور ایک بالکل کالا سیاہ، صاحب عمل فرد اس عمل کو کرنے سے پہلے اس بات کی تصدیق کرے یہ عمل کرنا جائز ہے یا ناجائز اگر کوئی اپنے بھلے کے لئے اس عمل کو کروا رہا ہو گا تو صاحب عمل اس کو کرنے کا ارادہ کرے ورنہ یہ عمل ناجائز ہونے کی صورت میں اس صاحب کا پورا اثر ہی تباہ و برباد کر دے گا جس کو اتنی محنت سے حاصل کیا گیا ہوگا۔ اب جس افسر کی زبان بند کرنی ہو جو بولتے وقت کسی بھی بھلے مانس انسان کا دل توڑتی ہو تو کچھ مقدار میں قند سیاہ کا تیل لے کر پہلے سفید مرغ کو ذبح کر کے اس کا سارا خون اس تیل میں ملائے یعنی خون کا آخری قطرہ تک اس میں ملا دے تو اس کے اندر روئی کی بتیاں بنا کر ڈالے ایک بتی کو بنا کر اس میں ڈالے اور دیکھے کہ اس نے کتنا خون جذب کیا ہے پھر دوسری بتی بنائے اسی ترتیب سے اتنی بتیاں بنائے جو اس خون کو جذب کرنے کے لئے کافی ہوں بعد اس عمل کے تلوں کے تیل میں کالے مرغ کو ذبح

کر کے اس کا خون پہلے بتائے گئے طریقہ کے مطابق نچوڑ کر اس میں ملائے اور دونوں مرغوں کا گوشت غریبوں میں تقسیم کر دے پھر اس تیل وخون میں بتیاں تر کر کے ایک ہی وقت میں بیٹھ کر بعد نماز ظہر صاحب عمل اس افسر کے نام کے اعداد اور سائل کے نام کے اعداد کو آپس میں ملا کر سورۃ الناس کو پڑھے اور ان پر دم کرے پھر ان بتیوں کو تعویذ کی طرح بند کر کے سائل کو ہدایت کرے کہ جو سفید مرغ کے خون سے بتیاں بنائی ہیں ان کو کیلوں کی مدد سے کسی کیکر کے درخت میں زور زور سے ٹھونکے اور ہر بتی ٹھونکنے سے پہلے اپنی نیت و مقصد کا مکمل لحاظ رکھے اور کالے مرغ کے خون سے تیار بتیوں کو پیپل کی جڑ میں دفن کرے اور مقصد کا دھیان رکھے اس جلالی عمل کی بدولت اللہ کے حکم سے وہ افسر کبھی بھی اپنی زبان کو اس فرد کے حق میں ناجائز استعمال نہیں کرے گا اس طرح اگر کسی کی جائز طور پر زبان بند کرنی ہو تو اسی عمل کو کرے اور نام دشمن اور سائل ان دونوں کے نام کے اعداد حاصل کر کے اس تعداد کے مطابق سورۃ الناس کو پڑھ کر دم کرے اور دونوں مرغوں والا عمل کرے ہر حال میں کامیاب ہوگا۔

دشمنوں میں رنجش پیدا کرنے کے لئے

اگر کوئی دین کا دشمن اپنی باتوں سے کسی مسلمان صفت انسان کا دل دکھاتا ہو اور وہ بے بس ہو چکا ہو تو صاحب عمل اس کو سرسوں کے پاؤ تیل پر 100 مرتبہ سورۃ الناس کو پڑھ کر دم کرے اور جب بھی ایک مرتبہ سورۃ شریف پڑھ لے تو آخر میں اس طرح کہے فلاں بن فلاں علی البغض والداوت فلاں بن فلاں یہاں دشمنوں کا نام لے کر اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھے پھر اس کو ہدایت کرے کہ اس تیل کو کسی چراغ میں جلائے اور جہاں وہ دشمن رہتا ہو یا تو اس دھوئیں کو ان کے گھر کی طرف حرکت دے

اور سورة الناس کو پڑھ کر ساتھ ہی ساتھ خود دم کر کے ان کو تصور میں پھونک مار دیا کرے اللہ کے حکم سے ان دشمنوں کی آپس میں جنگ ہوگی۔

ہر بیماری کے لئے

اگر سرسوں کے تیل پر سورة الناس کو صاحب عمل 121 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کسی بھی بیماری کی خاطر اس کے سر پر مالش کرے تو اللہ کے حکم سے اس بیماری کا جڑ سے خاتمہ ہوگا جس کا تعلق خواہ ظاہری کیفیت سے ہو یا باطنی کیفیت سے دونوں صورتوں میں شفاء ہوگی۔

ہر بیماری کے لئے

اگر کسی پر بھی غیر افراد نے جادو یا سفلی علم کے ذریعے اس کی زندگی کو جہنم بنا دیا ہو اور اصل بات بھی سمجھ میں نہ آ رہی ہو تو کچھ مقدار میں پاک روئی پر تھوڑا سا تیل سرسوں کا لگا کر اس پر عطر لگائے اور دونوں کو آپس میں ملائے پھر اس پر روزانہ 100 کی تعداد میں سورة الناس کو پڑھ کر اتنے دنوں تک دم کرے جب تک تیل اس روئی میں خشک نہ ہو جائے جب تیل روئی میں خشک ہو جائے تو اس پر تازہ عطر لگا کر کسی چاندی کی چھوٹی سی ڈبیا میں محفوظ کر کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے وہ فرد تمام قسم کی وبائی اور اندرونی امراض سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔

جسمانی دردوں کے لئے

اگر کسی کے بھی جسم میں ایسے درد رہتے ہوں یا دن بدن درد بڑھتے ہی جا رہے

ہوں اور ڈاکٹروں کی سمجھ سے یہ بات بالاتر ہو جائے تو صاحب عمل فرد سورة الناس کو 121 کی تعداد میں بعد نماز عشاء پاؤ سرسوں کے تیل پر دم کر کے دے اور مریض کو ہدایت کرے کہ کسی ایک مخصوص وقت روزانہ جہاں درد رہتا ہو وہاں اس تیل کی مالش کرے اور مالش کرنے کا طریقہ بھی اس طرح ہو کہ مالش کرتے کرتے تیل جسم کے مسام کے ذریعے اندر چلا جائے اللہ کے حکم سے دوبارہ کبھی بھی درد بھی نہیں ہوگا۔ اس کے ساتھ پرہیز ہر چھوٹے و بڑے گوشت کا رکھے اور اگر کسی کو کسی چوٹ سے ایسا زخم بن جائے جو دن بدن پھیلتا ہی جائے اور کسی بھی دوا سے آرام نہ ملتا ہو تو اسی تیل کو اوپر مذکورہ طریقے کے مطابق استعمال کرے اور اس زخم پر اسی طریقے سے مالش کرے زخم وہیں پر ٹھہر جائے گا۔

درد شقیقہ کے لئے

اگر کسی کو سر میں درد رہنے کے علاوہ سر سے متعلق کوئی بھی عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اس کے ہمیشہ کے حل کے لئے پاؤ تیل سرسوں کا لا کر صاحب عمل اس پر سورة الناس کو اتنی تعداد کے مطابق پڑھے جتنے اس مریض کے نام کے اعداد ہیں پھر اس تیل کو گاہے بگاہے روئی پر لگا کر اپنی کنپٹیوں پر ان کی اس طریقے سے مالش کرے کہ تیل مسام کے ذریعے اندر داخل ہو اللہ کے حکم سے سر درد کے علاوہ درد شقیقہ کا بھی خاتمہ ہوگا اور سر سے متعلق تمام بیماریوں کے لئے بھی اسی عمل کو کریں۔

قوت حافظہ کے لئے

اگر کوئی بچہ یا بڑا پڑھائی میں کمزور ہو یا اس کا پڑھنے میں دل نہ لگے یا کوئی

ایسی وجہ بن گئی ہو جس سے جو بھی پڑھے وہ بھول جائے یا کوئی ذہن کو تیز کرنے اور اس کی ترقی کرنا چاہے تو ان تمام مقاصد کے حصول کے لئے صاحب عمل فروزیتون کا ایک بنڈ بہ منگوائے اور اس کا ڈھکن اتار کر اس پر بعد نماز فجر اگربتیاں سلگا کر اس پر سورۃ الناس کو 111 کی تعداد سے پڑھے اور جو بھی اس کیفیت میں مبتلا ہو اس کو ہدایت کرے یعنی جو ذہن کی ترقی چاہتا ہو اور جس کو پڑھنے میں کوئی عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اسے سر پر مالش کرنے کے ساتھ اسی تیل کو روئی پر لگا کر اپنے کانوں میں بھی رکھے اور رات کو روزانہ تیل کے ختم ہونے تک اسی عمل کو کرے اور صبح اٹھ کر نہائے پھر اسی طرح اس عمل کو کیا جائے اللہ کے حکم سے جو بھی پڑھائی کے جسم عارضے میں مبتلا ہو گا وہ اس پاک کلام و عمل کے ذریعے اس پر فتح پائے گا اور اس کا ذہن کشادہ ہو گا۔ انشاء اللہ۔

مرگی کے لئے

اگر کسی کو بھی روحانی علاج سے مرگی کے مرض سے نجات نہ ملتی ہو تو صاحب عمل سورۃ الناس کو تلوں کے تیل پر بعد نماز عصر اگربتیاں سلگا کر 151 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سفید مرغ کو تازہ ذبح کروا کر اس کا خون صاف کرے اور پاک روئی کی چھوٹی چھوٹی باریک بتیاں بنائے اور ان بتیوں کو اس خون میں رکھے تا کہ روئی سارا خون جذب کر لے بعد ختم ہونے کے مریض کو ہدایت کرے کہ روزانہ بعد نماز مغرب اس تیل کو چراغ میں ڈال کر ایک بتی اس میں ڈالے اور اس کے سامنے بیٹھ کر اس کو جلتا ہوا دیکھے اور خود بھی سورۃ الناس کو پڑھے اگرچہ اس کی طبیعت اس عمل سے ہو گی مگر علاج کو تاعمر کامیاب بنانے کے لے یہ تھوڑی سی تکلیف برداشت کرنی ہو گی اسی طرح

اس عمل کو گیارہ دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے ان گیارہ دنوں کے اندر اندر مریض کامل صحت پائے گا۔ انشاء اللہ۔

نیند آنے کے لئے

اگر کسی فرد کی کسی نے سفلی علم یا جادو سے خواب بندی کر دی ہو تو سرسوں کے تیل پر سورۃ الناس کو 21 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو ہدایت کرے کہ روزانہ اس تیل کی مالش کیا کرے اللہ کے حکم سے اگر کسی نے خواب بندی بھی کی ہو گی تو اس کے اثرات باطل ہوں گے اور مریض اپنے جسم میں سکون و اطمینان کے ساتھ بھی نیند پوری کرے گا۔

نکسیر کے لئے

اگر کسی کے ایسی نکسیر جاری ہو جائے جو بند ہونے کا نام نہ لے اور کسی بھی دوائی سے آرام نہ ملتا ہو تو روئی کے ساتھ پھوئے لے کر بتی کی شکل میں کسی لکڑی کو اندر رکھ کر اس کے اوپر روئی کو لپیٹے اور سرسوں کے تیل پر سورۃ الناس کو 51 مرتبہ پڑھے اور دم کر کے ان ساتوں بتیوں کو اس تیل میں بھگوئے اور ہر بتی پر 7 مرتبہ سورۃ الناس شریف علیحدہ سے پڑھے پھر مریض کو ہدایت کرے کہ اسے اپنی ناک کے پاس لے جا کر جلائے اور اس کی دھونی کو اتنا لے جتنا سونگھنے میں آسانی ہو دھوئیں سے تکلیف نہیں ہونی چاہئے اگر اسی وقت یا دو تین دنوں میں آرام مل جائے تو بھی سات دنوں کی تعداد کو پورا کریں اور ان بتیوں کو سات دنوں تک جلائیں نکسیر کا مکمل علاج ہو گا۔ اس علاج کے بعد اللہ کے حکم سے دوبارہ نکسیر کی شکایت نہیں ہو گی۔

پرانے نزلہ وزکام کے لئے

اگر کسی کو بہت پرانے نزلے یا زکام کی شکایت ہو اور کسی بھی دوائی سے کوئی افاقہ نہ ہو رہا ہو تو سرسوں کے تیل پر سورۃ الناس کو (21) مرتبہ پڑھ کر صاحب عمل دم کرے اور سائل کو ہدایت کرے کہ اسے اپنی ناک کے اوپر اپنی انگلیوں کی مدد سے مالش کرے اس عمل کی بدولت پرانے سے پرانا نزلہ وزکام ٹھیک ہوگا اور اگر کسی کے کیرا بھی گرتا ہوگا تو اس عمل کی بدولت اس کی بھی اصلاح ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

گلے میں گلٹی کے لئے

اگر کسی کے گلے میں رسولی یا گلٹی پیدا ہو جائے تو کالے تلوں کے پاؤ تیل پر سورۃ الناس کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے اور اس تیل کو بڑھانے کے لئے اس میں اور تیل ہرگز نہ ڈالے بلکہ اسی تیل پر دم کر کے اسے ہی استعمال کرے پھر اس تیل کو اپنے گلے پر مالش کرے گلے کے اندر جو بھی گلٹی یا رسولی ہوگی وہ اسی تیل کے اثر سے ختم ہوگی اس عمل کو 21 دنوں تک کیا جائے اگر تیل ختم ہو جائے تو پھر دوبارہ سے نیا تیل لا کر اس پر دم کرے اور اسے استعمال کرے اللہ کے حکم سے شفاء ہوگی۔

حفاظت حمل کے لئے

اگر کسی خاتون کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو صاحب عمل فرد زیتون کے تیل پر سورۃ الناس کو اس خاتون کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اسے ہدایت کرے کہ اس تیل میں سے روزانہ تیل کے ختم ہونے تک صبح نہار منہ ایک چمچ پیا کرے اور اس کو روئی کی

مدد سے اپنی ناف کے مقام پر اندر لگا دے اور اس کے اوپر چپکنے والی ٹیپ کی مدد سے لگا رہنے دے اسے کم از کم ایک دن تک لگا رہنے دے پھر اگلے دن نئی روئی استعمال کرے ان عمل والے دنوں میں اپنے خاوند سے ہم بستری نہیں کرنی ہوگی۔ سات دنوں تک اس عمل کو کر کے ہم بستری کرے پھر اگلے سات دنوں تک پرہیز کرنا ہوگا پھر سات دنوں کے بعد ہم بستری کرے اسی طرح عمل کے دنوں کو پورا کرے اللہ کے حکم سے اس عمل کے متعلقہ دنوں سے پہلے حمل ٹھہرے گا۔ انشاء اللہ۔

شوہر کی آوارگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی شریف عورت کا خاوند غیر جگہ منہ مارتا ہو اور کسی بھی طرح سے اپنے گھر میں رہنے والے اصولوں کی تمیز بھول گیا ہو تو صاحب عمل فرد بعد نماز فجر زیتون کے تیل پر سورۃ الناس کو اس کے خاوند کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اسے ہدایت کرے کہ اس تیل سے حلوا یا کوئی میٹھی چیز پکائے اور اپنے خاوند کو کھلائے اللہ کے حکم سے اگر خاوند اس دم شدہ تیل سے تیار حلوے کا ایک لقمہ بھی نگل گیا تو ساری زندگی تک خاوند اپنی ہر طرح کی بدچلنی کو ترک کرے گا اور اس کا بند دماغ اس پاک کلام اور عمل کے ذریعے صاف ہوگا لیکن ہر عمل میں نام سائل مع والدہ تصور باندھ کر ضرور کر لیا کرے اس سے عمل میں دہرا اثر پیدا ہوتا ہے۔ اس عمل سے اگر کسی کا خاوند ناجائز گھر میں جھگڑا کرتا ہو مار پیٹ کرتا ہو زبان درازی کرتا ہو یا کسی نشے میں مبتلا ہو تو اسی عمل کو کیا جائے اور اثر نہ ہونے کی صورت میں اسی عمل کو زیادہ دنوں پر ترتیب دے اور جب تک مدعا حاصل نہ ہو تب تک اس عمل کو ترک نہ کرے اللہ کے حکم سے اس عمل کے ذریعے وہ نتائج برآمد ہوں گے جو ایک طلسم یا جادو کا اثر رکھتے ہیں۔

بدکاری سے نجات کے لئے

اگر کوئی خدانخواستہ اس مرض میں ایسا پھنس گیا ہو کہ ذلیل بھی ہوتا ہو اور اپنی عادت کو بھی ترک نہ کرتا ہو اور کسی کی بھی بات نہ سنے تو اگر یہ عادت کسی مرد میں پائی جائے تو ایک سفید مرغ اس فرد کے نام کا لے کر اس کو ذبح کریں اور اس کا سارا خون سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس کو آپس میں اچھی طرح ملائیں پھر اس پر صاحب عمل فرد سورۃ الناس کو بوقت زوال سے پڑھنا شروع کردے اور پڑھنے کی تعداد 110 کرے اور سائل کو ہدایات کرے کہ اس تیل کو اس فرد کے سر پر لگا کر اس کے سر کی مالش کرے اللہ کے حکم سے اس جلالی عمل کی بدولت وہ شخص زنا کو ترک کرے گا اگر ترک نہیں کرے گا تو زنا کرنے پر قادر ہی نہیں رہے گا۔ اس کے لئے چاہے وہ کتنی ہی مردانگی حاصل کرنے والی ادویات کو استعمال کرے سب کچھ اس عمل کے آگے اس مقصد کی خاطر بیکار ہے اس کا صرف ایک ہی توڑ ہے اور وہ ہے اس فرد کی سچے دل سے توبہ واستغفار جب تک وہ اللہ کے حضور توبہ تائب نہیں کرے گا تب تک وہ نامرد بن کر ہی جائے گا اور آئندہ اس قباحت سے محفوظ رہنے کے لئے اللہ سے وعدہ کرے کہ میں ایسا کام ہرگز نہیں کروں گا اگر یہ حرکات کسی خاتون میں پائی جائیں اور لاکھ نصیحتوں کے باوجود بھی وہ باز نہ آئے تو اس کا عمل ایک سفید مرغی کو ذبح کرنے اور اس کا خون تلوں کے تیل میں ملائے اور اس تیل کی مالش اس کے سر پر کرے وہ خاتون بھی اگر ناجائز زنا کو ترک نہیں کرے گی تو کرب ناک اذیتوں میں مبتلا ہوگی۔ اس عمل کو کرنے والے دوسرے افراد مالش کرتے ہوئے سورۃ الناس کا ورد کرتے رہیں اور مالش کرتے کرتے سر پر پھونکیں بھی مارتے رہیں اللہ کے حکم سے مدعا حاصل ہوگا۔

انشاءاللہ۔

بچے کو دودھ کی رغبت کے لئے

کچھ مقدار میں زیتون کے تیل پر سورۃ الناس 7 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہدایت کرے کہ اس تیل کو بہت تھوڑی مقدار میں روئی پر لگا کر دونوں کانوں میں رکھے اللہ کے حکم سے بچہ دودھ کی طلب کرے گا۔ اگر بچہ کسی بھی وجہ سے دودھ نہیں پیتا ہوگا تو بحکم خدا اس عمل سے وہ اثرات باطل ہوں گے جس سے پریشانی آتی ہے۔

زہریلے کیڑے کے کاٹنے سے نجات

اگر کسی کو کوئی ایسا کیڑا کاٹ لے جس کا زہر پورے جسم میں سرایت کر رہا ہو اور اس کی کسی بھی طریقے سے روک تھام نہ ہو تو تلوں کے تیل پر سورۃ الناس کو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سائل کو ہدایت کرے کہ اس تیل کو اس متاثرہ حصے پر مالش کرے جہاں اس کیڑے نے کاٹا ہو اللہ کے حکم سے اس کے زہر کا مکمل خاتمہ ہوگا اس عمل کو مسلسل گیارہ دنوں تک کرکے ختم کرے خواہ اس کا اثر تین دنوں میں ہو یا دو دنوں میں لیکن گیارہ دنوں کی تعداد کو برابر کرنا ہوگا۔ اللہ کے حکم سے شفاء ہوگی۔ انشاءاللہ۔

زیارت رسول اکرمؐ کے لئے

اگر کوئی سچا عاشق سرکار کی زیارت کرنے کا خواہش مند ہو تو اپنے آپ کو دنیاوی غلاظتوں سے پاک کرے اور ظاہری و باطنی پاکی کے ساتھ رات کو بعد نماز عشاء چراغ کو جلا کر سورۃ الناس کو 100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے اور اس عمل کو اتنے

دنوں تک پڑھے جب تک مدعا حاصل نہ ہو اللہ کے فضل سے اگر نیت سچی ہوگی تو زیارت ضرور ہوگی اور زیارت نہ ہونے کی وجہ بھی وہ فرد بن سکتا ہے جس کو پاکی یا پلیدی کی شناخت نہ ہو۔ اس لئے اس عمل کو خاص طور پر پاکی کے ساتھ کریں ورنہ گناہ گار ہونے کے ساتھ نقصان بھی ہوسکتا ہے۔

استخارہ کے لئے

اگر کسی بھی بات کے متعلق استخارہ کے ذریعے معلوم کرنا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ لے اور اس پر گاہے بگاہے سورۃ الناس کو اس مقصد کی خاطر روزانہ 110 کی مقدار میں پڑھ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیا کرے اس عمل کو کم از کم 21 دنوں تک کرے اور بوقت ضرورت کسی بھی بات کے متعلق پتہ لگانے کے لئے باوضو حالت میں اس نقش کو قرآن مجید میں رکھ کر اپنی آنکھوں کو بند کر کے اس بات کے متعلق پورا تصور باندھے تو کچھ ہی دیر بعد کسی طریقے سے اس بات کے متعلق صحیح طور پر آگاہ کیا جائے گا۔ پھر اس بات پر عمل کرے اللہ کے حکم سے اس بات کے متعلق ذرا بھی شک نہیں ہوگا اور عمل کرنے پر صحیح پائے گا۔ انشاءاللہ۔

اس کے علاوہ اس نقش کو کسی بھی مقصد کی خاطر لکھ کر جائز مقصد کی تکمیل کی خاطر لکھ کر عمل میں لائیں اللہ ضرور کامیابی دے گا لیکن اس نقش کو ناجائز کبھی بھی استعمال میں نہ لائیں ورنہ اپنے فائدے و نقصان کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

تسخیر جنات کے لئے

جنات سے دوستی کے خواہش مند کو چاہئے کہ پہلے تو اپنے میں ایسی باتیں پیدا

کرے کہ جو ایک نیک انسان میں ہونی چاہئیں یعنی نماز پنجگانہ کا پابند ہو، شریعت مطہرہ پر عمل کرتا ہو اور کوئی بھی کام خلاف شرع نہ کرتا ہو۔ اس لئے کہ جن جب کسی کے تابع ہوتے ہیں تو پھر ان کی آزادی میں فرق آجاتا ہے اور کوئی بھی جاندار یہ نہیں چاہتا کہ اسے قید میں رکھا جائے یا اس کی آزادی میں دخل اندازی کی جائے۔ جنات اپنے آپ کو طاقتور اور قوت والا سمجھتے ہیں اور اس بات کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں کہ کوئی ان کو تسخیر کرے اور وہ کسی انسان کے مسخر ہو کر رہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی عامل اپنے عمل کے ذریعے کسی جن کو اپنے قابو میں لانا چاہتا ہے تو ان کو پتہ چل جاتا ہے کہ فلاں فلاں انسان ہمیں مسخر کرنا چاہتا ہے اور اپنے قابو میں کرنے کے لئے عمل کر رہا ہے۔ ان میں یہ آوازہ ہوتا ہے کہ فلاں شخص ہمیں قابو میں لانے کے لئے عمل کر رہا ہے۔ تم اس کے عمل سے خلاف نہیں کر سکو گے۔

اگر عامل اللہ تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مطیع و فرمانبردار ہوگا تو جن اس کے ہر کام میں اس کی مدد کرے گا۔ اگر عامل شریعت کے خلاف کام کرے گا تو جن کو جب بھی موقع ملے گا اس سے فوری طور پر علیحدگی اختیار کرے گا اور ہوسکتا ہے کہ وہ کوئی نقصان بھی پہنچائے۔ مسلمان جنات کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ تلاوت قرآن کریم سن کر بہت خوش ہوتے ہیں اور جو کوئی خوش الحانی سے قرات کرے وہ بڑی توجہ اور یکسوئی سے سنتے ہیں اور خوشی محسوس کرتے ہیں۔ خاص طور پر اگر کوئی خوش کن لہجے میں سورۃ الناس (114) یا سورجن (72) پڑھے اور ذرا بلند آواز سے پڑھے تو جنات سن کر بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ اس لئے عامل کو چاہئے کہ وہ خوش الحان بننے کی کوشش کرے اور تنہائی میں بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت کیا کرے۔ جب کوئی خلوت میں بیٹھ کر خوش الحانی سے تلاوت کرتا ہے تو جنات بڑے ادب سے

حاضر ہو کر سنتے ہیں۔ اگر کوئی خوش الحانی سے قرات نہیں کرتا تو وہ رنجیدہ ہو کر واپس چلے جاتے ہیں۔ جنات کو مسخر کرنے کی غرض سے چاند کے مہینے کے آغاز میں جب پہلا بدھ کا دن آئے یعنی منگل کا دن گزر جائے اور بدھ کی رات شروع ہو تو بدھ، جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے دن تک چار روزے رکھے، غسل کر کے پاک صاف رہا کرے۔ پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھے اور ہر ممکن کوشش کرے کہ کبھی بھی پلید نہ ہو جب کبھی ایسا محسوس ہو تو فوراً غسل کر لے۔ اس بارے میں ذرا بھی سستی نہ کرے۔ اگر کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔ جنات نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ وہ صرف نیک اور پاک صاف رہنے والوں سے ڈرتے ہیں۔ غسل کے بعد پاکیزہ اور صاف ستھرے کپڑے پہنے اور عطر کی خوشبو لگائے جس جگہ پر بیٹھ کر عمل کرنا ہے وہاں پر اگربتی یا لوبان سلگا کر اس جگہ کی فضا کو خوب اچھی طرح خوشبودار کرے۔ یہ اہتمام کرنے کے بعد کالی سیاہی کی دوات اور ایک قلم اور تھوڑے سے سفید کاغذ، ایک ٹکڑا موم خالص اور ایک ہزار دانوں پر مشتمل تسبیح اور ڈورا لا کر اپنے پاس رکھے اور پھر ایک ایسا وقت مقرر کرے۔ وقت وہ مقرر کیا جائے جس میں خوب دل جمعی سے عمل کیا جانا اچھے لگے۔ سب سے بہتر وقت یہ ہے کہ عشا کی نماز پڑھ کر سو رہے اور پچھلی رات کو سو کر اٹھے اور پھر غسل کرے اور پھر پڑھے۔ اس طرح سو کر اٹھنے سے نیند نہیں آتی اور نہ ہی اونگھ آتی ہے کیونکہ کافی حد تک نیند پوری ہو چکی ہوتی ہے۔ اس وقت جو کچھ بھی پڑھا جائے بڑے ذوق وشوق سے پڑھا جاتا ہے۔ اس وقت کسی دنیاوی کام کاج کی فکر بھی نہیں ہوتی۔ یا پھر فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پڑھنا بہتر ہے۔ اگر رات کو پڑھے تو مٹی کے تیل کی روشنی نہ کرے موم بتی یا گھی کا چراغ جلائے۔ اگر بجلی ہے تو بہتر ہے۔ زیرو کا بلب جلا کر پڑھا جا سکتا ہے۔ پچھلی

رات میں اٹھ کر پڑھے تو غسل کرنے کے بعد اول تہجد کی نماز ادا کرے۔ نماز تہجد پڑھنے کے بعد عمل کا آغاز اس طرح سے کرے کہ پہلے اعوذ باللہ، پھر بسم اللہ پڑھے اور پھر ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص 112 پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورۃ ناس 114 پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ دخان پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ سجدہ 32 اور ایک مرتبہ سورۃ ملک 67 پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں سجدہ کرے اور دعا مانگے کہ یا اللہ میری دلی خواہش اور یہ حاجت پوری فرما دے۔ دعا مانگنے کے بعد فارغ ہو جائے اور اپنے کام کاج میں مصروف ہو جائے۔ چار دن تک ایسا ہی کرے اور چوتھے دن جب یہ ہفتہ کا دن ہو گا اس دن نماز عصر سے پہلے سفید کاغذ کے سات برابر ٹکڑے کرے اور باوضو حالت میں ایک کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيِي وَ يُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ (سورۃ مومنون 23، آیت 75)

دوسرے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

وَ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (سورۃ بقرہ 2 آیت 117)

کاغذ کے تیسرے پرچہ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سورۃ بقرہ 2، آیت 137)

چوتھے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ (سورۃ روم 30، آیت 25)

پانچویں کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (سورۃ یٰس 36، آیت 51)

چھٹے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

وَ نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (سورۃ یٰس 36، آیت 51)

ساتویں کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا (سورۃ معارج 70، آیت 43) فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سورۃ بقرہ 2، آیت 137)

ان تمام کاغذ کے پرچوں پر لکھنے کے بعد ساتویں پرچے جوڑورا اپنے سر کی پگڑی میں یا ٹوپی میں رکھ لیں۔ اس کے بعد چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ یہ نفل نماز اس طرح سے ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ (1) مرتبہ پڑھنے کے بعد سورۃ ناس (114) پڑھے۔ پھر دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ (1) کے بعد سورۃ سجدہ (32) پڑھے جبکہ چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ (1) کے بعد سورۃ ملک (67) پڑھے۔ چار رکعت نفل نماز کی ادائیگی کے دوران ہر سجدہ میں تین مرتبہ سبحان ربی الاعلیٰ پڑھنے کے بعد یہ دعا بھی سجدہ کی حالت میں ہی پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ لَيِسَ الْعِزُّ وَ قَالَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَكَلَّفَ بِالْحَمْدِ وَ تَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلِّ شَىْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِى التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا

اِنْ يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا كَانَ وَ مَالَمْ يَشَاءُ لَمْ يَكُنْ، سُبْحَانَ ذِى الْمَنِّ وَ الْفَضْلُ وَالنِّعَمُ سُبْحَانَ ذِى الْعِلْمُ وَالْحِلْمُ سُبْحَانَ ذِى الطُّوْلُ وَ الْفَضْلُ سُبْحَانَ ذِى الْعَرْشِ وَ اللَّوْحُ وَ الْقَلَمُ النُّوْرُ.

ترجمہ: پاکی ہے اس کو جس نے عزت کا لباس پہنا اور اس کے ساتھ فرمایا پاکی ہے اس کی جو حمد کے ساتھ کرم کرتا ہے بزرگ کے ساتھ اس کے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو اپنے علم کے ساتھ شمار کیا ہے۔ پاک ہے وہ جس کے سوا کسی کی تسبیح لائق نہیں پاک ہے وہ جب ارادہ کرتا ہے کسی چیز کے پیدا کرنے کا تو اس سے فرماتا ہے، ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔ پاک ہے وہ جس چیز کا ارادہ فرماتا ہے وہ ہوتی ہے اور جس کا ارادہ نہیں کرتا وہ نہیں ہوتی پاک ہے وہ احسان اور فضل اور نعمتوں والا پاک ہے وہ علم اور حکم والا پاک ہے۔

سجدہ کی حالت میں یہ دعا مانگنے کے بعد سجدہ سے سر اٹھائے تو پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِمَقَاعِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَى الرَّحْمَتِهٖ مِنْ كِتَابِكَ وَاَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ وَ بِكَلِمَاتِ التَّامَّتِهٖ اِنْ تَسْخِرَ لِىْ عَوْنًا مِنْ صَلِحَاءُ الْجِنِّ يَغْنِيْنِى عَلٰى مَا اُرِيْدُ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا.

ترجمہ: "اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل مقاصد عزت کے تیرے عرش اور منتہائے رحمت سے تیری کتاب سے اور مانگتا ہوں تیرے اسم عظیم اور ذات کریم و کرم کے ساتھ اور کلمات نامہ کے ساتھ کہ مسخر کردے نیک بخت جنات میں سے ایک جن جو میرے دنیوی کاموں میں میری مدد کرے۔"

اس طرح چاروں رکعت پوری کرے اور پھر سلام پھیرے۔ نماز پڑھنے سے قبل اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ یہ نفل نماز ایسے وقت میں پڑھنی شروع کرے کہ وہ وقت آ جائے کہ صبح سورج نکلنے کو نو گھنٹے گزر جائیں اور دسویں ساعت ستارہ کی آ جائے تو اس وقت آپ کے سات مسلمان جن آئیں گے جو کہ بڑی ہی عاجزی کے ساتھ السلام علیکم کا نذرانہ پیش کریں گے۔ اس وقت آپ نے کسی قسم کی گھبراہٹ کا مظاہرہ نہیں کرنا اور نہ خوف کھانا ہے بلکہ اس کے جواب میں وعلیکم السلام کہنا ہے اور اپنے سر پر سے ٹوپی یا پگڑی اتار کر اس میں سے کاغذ کے ساتوں پرچے نکال کر ان میں سے ایک پرچہ نکالے اور اس پر لکھی ہوئی آیت مبارکہ بلند آواز سے پڑھے اور ان سے کہے کہ یہ پرچہ کس کا ہے؟ ان میں سے ایک کہے گا یہ میرا ہے پس اس کا نام پوچھے جب وہ جن اپنا نام بتا دے تو اس کاغذ کے پرچہ پر اس کا نام لکھے اور پھر اس سے کہے کہ اپنی مہر لاؤ جب وہ اپنی مہر دے دے تو اس کو موم لگا کر آیت مبارکہ کے نیچے لگائے تاکہ موم خوب اچھی طرح چپک کر کے موم میں مہر کے حروف آ جائیں۔ اس طرح دوسرے جنوں سے بھی پوچھے اور پرچہ کی لکھی ہوئی آیت مبارکہ پڑھ پڑھ کر ان کے نام پوچھ کر ہر پرچہ پر لکھے اور ان سے مہر لے کر اس طرح لگائے۔ اس کے بعد ان سے وعدہ لے کہ جب بھی مجھے ضرورت پڑے گی تم کو بلاؤں گا اور تم پر لازم ہوگا کہ تم میری امداد کے لئے حاضر ہو جاؤ۔ جب جنات وعدہ کر لیں تو پھر ان کو خوشی سے رخصت کر دے اور ان تمام پرچوں کو کسی پاک صاف جگہ پر نہایت احتیاط سے رکھ دے تاکہ بوقت ضرورت ان کو کام میں لایا جائے۔ پھر جب بھی کبھی ضرورت ہو تو کسی بھی فرض نماز کی ادائیگی کے بعد جس کاغذ کو نکالنا چاہتا ہے نکالے اور دعا باوضو حالت میں پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِمَقَاعِدِ الۡعِزِّ مِنۡ عَرۡشِکَ وَ مُنۡتَھِیَ الرَّحۡمَتِہٖ مِنۡ کِتَابِکَ وَاَسۡئَلُکَ بِاِسۡمِکَ الۡعَظِیۡمُ الۡاَعۡظَمُ وَ بِوَجۡھِکَ الۡکَرِیۡمُ الۡاَکۡرَمُ وَ بِکَلۡمَاتِ التَّامَتِہٖ اِنۡ تَسۡخِرُ لِیۡ عَوۡنَا مِنۡ صَلِحَاءُ الۡجِنَّ یَغۡنَیۡنِیۡ عَلٰی مَا اُرِیۡدُ مِنۡ حَوَائِجِ الدُّنۡیَا۔

اس دعا کو جب پڑھے گا تو وہ حاضر ہو جائیں گے اور جو بھی جائز کام کہے گا وہ فوراً کریں گے جہاں جانا چاہے گا اس کو لے جائیں گے۔ اگر عامل برے اور غلط کام یعنی زنا کاری وغیرہ کے لئے مدد چاہے گا تو وہ اس کے دشمن بن جائیں گے اور پھر موقع پاتے ہی نقصان پہنچائیں گے۔ اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی یاد رکھے کہ ان جنات کی آمد پر اگر عامل ڈر جائے تو اس کی محنت اکارت جائے گی۔ جو چاروں سورتیں اس عمل میں پڑھنے والی بتائی گئی ہیں ان کو ہر جمعرات کے دن ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی مدد ہر وقت شامل حال رہے گی اور جنات ساری زندگی مطیع رہیں گے۔

تسخیر جنات کے لئے

اس کو تنہائی میں کیا جائے اور نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ کیا جائے۔ کسی کی مداخلت کا اندیشہ نہ ہو اور نہ ہی کسی کی آواز کان میں آئے۔ جس جگہ پر بیٹھ کر عمل کرے وہ نہایت پاک صاف ہو۔ صندل کی اگربتی سے فضا کو خوشبودار کیا جائے۔ پاک کپڑے پہنے اور عطر گلاب لگائے۔ اس عمل کو کرنے والے کے لئے نماز پنج گانہ کا پابند ہونا لازم ہے جو نماز پنج گانہ کا پابند نہ ہو اس کا عمل اکارت جائے گا اور اسے کوئی فائدہ نہ ہوگا فرائض و واجبات کا پابند ہونا ضروری ہے۔ اس عمل کو کرنے سے بیشتر

چاہئے کہ خوب اچھی طرح ذہن کو تیار کرلیا جائے کوشش کرے کہ تہجد، اشراق اور چاشت بھی پڑھے اور عمل کے دنوں تو خاص طور پر ان نمازوں کی پابندی کرے۔ چالیس روزے رکھے تا کہ روزوں کی برکات بھی عمل میں شامل ہوجائیں۔اگر یہ عمل رمضان المبارک میں کرے تو بہت ہی بہتر ہے۔رمضان کے پورے روزے رکھے، عید کے دن روزہ نہ رکھے۔انشاءاللہ تعالیٰ مقاصد میں کامیابی ہوگی۔

اس عمل کو کرنے کے لئے علیحدہ کپڑے بنوائے اور ان کو عام دنیاوی کاموں کے کرنے کے دوران نہ پہنے۔یہ لباس صرف عمل کرتے وقت پہنے۔تنہائی کی جگہ ایسی ہونی چاہئے کہ جہاں ساتھ ہی نہانے دھونے کا بھی انتظام ہوتا کہ وضو غسل کرنے کے لئے ادھر ادھر نہ جانا پڑے۔ ہر روز غسل کر کے عمل شروع کرے اگر بالفرض نہانے کا انتظام نزدیک نہ ہوتو پھر جہاں بھی غسل کرے، فوری طور پر لباس تبدیل کرکے تنہائی کے مقام پر چلا جائے۔اگر عمل کرنے والے کپڑوں کے سوا اور کوئی کپڑا نہ ہو اور مجبوری ہو کہ ہروقت انہی کپڑوں کو پہنے رکھنا ہے تو پھر چاہئے کہ اپنے کپڑوں کی اچھی طرح حفاظت کرے، کوئی بھی ناپاک چھینٹ کپڑوں پر لگنے نہ پائے جس جگہ پڑھنے کے لئے بیٹھے وہاں پر 298 دانوں کی تسبیح بنا کر اپنے پاس ہی رکھے۔اس کے علاوہ جو کی روٹی خود اپنے ہاتھ سے پکائے یا کسی نیک مرد سے پکوائے اور اس کے سوا کوئی دوسرا یہ روٹی نہ کھائے۔مہینے کے شروع میں جو بھی اتوار کا دن آئے۔خواہ رمضان المبارک کا مہینہ ہو یا کوئی اور مہینہ ہو، رات کے پچھلے پہر اٹھ کر نماز پڑھے اور پھر تین بار یہ کلمات پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ. اَللّٰهُمَّ لَیْسَ فِی السَّمٰوٰتِ ذَوَاتِ وَلاَ فِي الْاَرْضِ عُمْرَاتِ وَ لاَ فِی الْجَلاَلِ مَدرَتِ وَ لاَ فِی الْبَحَارِ

قَطْرَاتِ وَلاَ فِی الْعُیُونِ لِخَطَاتِ وَلاَ فِی الْمَنْفُوسِ خَطْرَاتِ اِلاَّ وَهِیَ بِکَ وَلاَتَ وَلَکَ شَاهِدَاتِ وَ فِی الْمُلْکِ مُتَحَیِّرَاتِ اَسَالُکَ بِتَسْخِیْرِکَ بِکُلِّ شَیْءٍ اِنَّ تَوَفَّقَنِی لِمَا یَرْضِیْکَ وَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَ عَلَیْکَ التُّکْلاَنَ وَلاَ حَوْلَ وَ لاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ" وَ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔اے اللہ، نہیں ہے آسمانوں میں ذوات (ذات کی جمع) اور نہ زمین میں ذرے اور نہ پہاڑوں میں سنگریزے اور نہ سمندروں میں قطرے اور نہ آنکھوں میں دنبالے اور نہ نفسوں میں خطرات مگر وہ تجھ پر دلالت کرنے والے ہیں اور تیرا مشاہدہ کرنے والے ہیں اور تیرے ملک میں متحیر ہیں۔میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر چیز کے تسخیر ہونے کے لئے تو مجھے توفیق دے اس کی جو تجھ کو راضی کرے اور تو ہی میرا پروردگار ہے اور تجھ ہی پر میرا بھروسہ ہے اور نہیں طاقت نیکی اور گناہ سے بچنے کی لیکن اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اور اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل و اصحاب پر درود پاک اور سلام نازل فرما۔"' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر تین مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد 298 مرتبہ "اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ" " (سورۃ بقرہ 2، آیت 199) اور صرف اوپر والی عبارت کو ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے۔ یہ پڑھنا لازم ہے۔اس بات کو مدنظر رکھے کہ یہ تمام درود پڑھنے کے دوران بہت ہی اچھے اچھے خواب اور نورانی چہرے دکھائیں گے اور جب عمل کرتے ہوئے بیس دن گزر جائیں گے تو ایک موکل حاضر خدمت ہوگا اور اپنی بہت زیادہ ہمدردی کا اظہار کرے

گا۔ ہر طرح کا لالچ دینے کی کوشش کرے گا حتیٰ کہ روپے پیسے کا لالچ بھی دے گا مگر عامل کو چاہئے کہ وہ اس کی للچانے والوں کی طرف ذرا بھی توجہ نہ کرے اور اپنے ورد کو پڑھنے میں مزید ذوق وشوق اور یکسوئی کے ساتھ مشغول رہے۔ ہرگز اس کی طرف دھیان نہ دے۔ جب عمل کرتے ہوئے چالیس یوم گزر جائیں تو وہ تنہائی کی جگہ جہاں پر بیٹھ کر عمل کر رہا ہے یکدم سفید نورانی قسم کی روشنی سے منور ہو جائے گی اور اس کمرے کی چھت اور دیواروں پر یہی آیت مبارکہ لکھی ہوئی نظر آئے گی، اس لمحے عامل کو مضبوط دل اور ثابت قدمی سے کام لینا چاہئے اور کسی قسم کا خوف اپنے دل میں ہرگز پیدا نہ ہونے دے بلکہ نہایت ذوق وشوق اور یکسوئی کے ساتھ اپنا وظیفہ مکمل کرے، ایک نورانی شکل کا انسان گھوڑے پر سوار دکھائی دے گا۔ اس کے آگے پیچھے بہت سی مخلوق بھی نظر آئے گی۔ یہ گھڑسوار مسلمان جنات کا بادشاہ ہے جو کہ آتے ہی بڑا خوش ہو کر پہلے السلام علیکم کہے گا، عالم کو چاہئے کہ اس مومن مسلمان کی تعظیم کے لئے کھڑا ہو جائے اور اس کے سلام کا جواب اسی طرح خوشی کا اظہار کرتے ہوئے دے اور کہے وعلیکم السلام، اس کے بعد جب جنات کا بادشاہ یہ کہے کہ ہم کو کیوں یاد کیا تو اس وقت اس کے شاہی آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے عاجزی سے اپنی ضرورت کا اظہار کرے کہ میں اللہ تعالیٰ کا ایک عاجز بندہ ہوں اور حضور پرنور، صاحب لولاک شہنشاہ کونین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ہوں اور مجھے بہت سی دینی و دنیوی ضروریات پیش آتی ہیں۔ آپ کی وساطت سے حاجت براری کا امیدوار ہوں، مجھے کوئی ایسی نشانی مرحمت فرمائیں کہ جس وقت مجھے ضرورت ہو آپ سے عرض کرکے آپ کی وساطت سے میرے کام مکمل ہو جایا کریں چونکہ وہ جنات کا بادشاہ مومن مسلمان ہے اور اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کا عاشق ومطیع ہے اس لئے کہے گا کہ اے

شخص، کبھی جھوٹ نہ بولنا اور کسی سے اس بھید کو ظاہر نہ کرنا اور گناہوں سے بچ کر رہنا۔ ہم تمہیں ایک نشانی دیتے ہیں جس وقت اس تسبیح کو تین مرتبہ یا اس سورۃ ناس (114) کو پڑھو گے تو تمہاری حاجت پورا کر دی جائے گی۔ اس کے بعد وہ چلے جائیں گے اور عامل کو بھی چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور خلوت خانہ سے باہر آئے۔ کسی میٹھی چیز پر ختم دے کر اس کا ثواب بزرگوں کو پہنچائے اور بچوں میں تقسیم کر دے اور خود ہمیشہ نیکی اور بھلائی کی طرف رغبت کرے۔

تسخیر موکل کے لئے

اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کا موکل مطیع ہو جائے اور جو کام وہ کہے کر کے لائے اور جب بلائے حاضر ہو جائے تو باوضو حالت میں اس کے اعداد کے مطابق مرتبہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد ہر روز سورۃ ناس پڑھنا شروع کرے اور چالیس یوم تک بلاناغہ توجہ ویکسوئی سے پڑھے۔ انشاء اللہ اس کا موکل مطیع ہو جائے گا۔ جو بھی جائز کام ہو گا وہ کرے گا۔

حاضرات کے لئے

اس عمل کو بہت سے کاموں میں استعمال کیا جاسکتا ہے اور یہ ایک بہت بڑا حساب بھی ہے اس عمل کو کرنے کے لئے جو فرد پہلے سے بتائے گئے طریقہ کے مطابق چلہ کر چکا ہو تو اپنے مخصوص سرسوں کا تیل رکھے اور اس پر روزانہ 1000 کی تعداد میں سورۃ الناس کو پڑھے اور اپنے پاس رکھے پھر بوقت ضرورت اگر کسی کی چوری ہو گئی ہو تو کسی بارہ سال کے لڑکی و لڑکے کو اپنے پاس باوضو حالت میں بٹھائے اور اس کے

سر پر اس تیل کو لگائے اور ہاتھ کے تمام ناخنوں پر بھی تیل کو لگائے اور اس پر سورۃ الناس کو پڑھنا شروع کرے آہستہ آہستہ بچہ پر حاضرات کھلے گی اور چوری کرنے والے کا حلیہ اور چوری کا سامان چھپانے والی جگہ سب کچھ دکھایا جائے گا اسی طرح جو بھی کام ہو کسی بچے کو بٹھا کر اس پر اسی عمل کو دہرانے اس پر حاضرات کھلے گی اور مختلف کاموں کے حساب سے مختلف طریقہ کار سے بتایا جائے گا اور اس کے ذریعے جو بھی بتایا دکھایا جائے اس پر عمل کرے اللہ کامیابی دے گا۔ اگر اسی حاضرات کو کوئی فرد پکا کر کے پختہ کر لے تو پھر کسی بچے کی ضرورت نہیں رہے گی کسی بھی بڑے مرد و عورت کو خود سامنے بٹھا کر اس پر عمل کو کرے اس پر حاضرات کھلے گی اور ان تمام باتوں سے واقفیت دلوائی جائے گی جو مخفی ہیں۔ پھر اس میں عمر کی کوئی بھی حیثیت نہیں رہتی جب تک ورد کو صحیح پکایا جائے۔

روحانی ترقی کے لئے

اگر کوئی مرد سورۃ الناس کا چلہ کرنے کی خواہش رکھتا ہو تو اس میں مکمل کامیابی کے لئے اس سورۃ شریف کے تین چلے کرنے پڑیں گے اور اب جو کوئی بھی ان تین چلوں کو کرنے میں بھرپور کامیاب ہو گا وہی اس کے مخفی اسرار سے مکمل واقفیت حاصل کر سکے گا اور اپنے تمام دنیاوی امور میں کامیابی حاصل کرنے کے علاوہ اللہ کی مخلوق کو بھی اسی فیض سے سرشار کر سکے گا۔ اب پرہیز جلالی و جمالی کا کامل پرہیز اور چلہ میں سو فیصد کامیاب ہونے کے لئے اور اس کے مخفی اسرار سے مکمل واقفیت حاصل کرنے کے لئے میری کتاب شرائط چلہ کا بغور مطالعہ کرے اور اس کتاب میں لکھی تمام ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آبادی سے کہیں دور کسی مسجد میں روزانہ رات کو بعد نماز عشاء سورۃ

الناس کو (1000) مرتبہ پڑھے اس عمل کو چالیس دنوں تک پڑھنا ہو گا یہ چلہ نمبر ایک ہو گا۔ پھر دس دنوں تک اپنے آپ کو آرام دے اور پھر اسی طریقے کے مطابق تیسرا چلہ اوپر مذکورہ ہدایات کے ساتھ کرے اور پڑھنے کی تعداد (1000) ہی رکھے اللہ کے حکم سے جو بھی اس چلہ کو کرنے میں کامیاب ہو گا وہ ان تمام کاموں میں آسانی کامیاب ہو سکے گا جو ناممکن نظر آتے ہیں اس لئے تمام ہدایات پر عمل کیجئے اور کامیاب ہونے پر ان امور پر حکومت کیجئے اور اگر یہ چلہ کسی خاتون نے کرنا ہو تو وہ بھی پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے چلہ کو کرے اور ان دنوں میں اس چلہ کو ترک کرے جن دنوں میں ناپاک ہو پھر اپنے ان گزرے دنوں کو آئندہ دنوں میں شمار کر کے اس کے چلہ مکمل کرے اللہ ضرور سچی لگن رکھنے والوں کو کامیاب و کامران کرتا ہے۔ اس چلہ کے بے شمار فوائد ہیں جو چلہ کرنے کے بعد واضح حالت میں اپنا اثر دکھائیں گے۔ مثلاً اگر کوئی جادو، ٹونہ، آسیب، سحر میں مبتلا ہو تو صاحب چلہ فرد اس کو سرسوں کے تیل پر دم کر کے دے اور سر پر مالش کرنے کی ہدات دے اس دم شدہ تیل کے اثر سے جو بھی غیر مخلوق ہو گی وہ جل جائے گی یا کہیں بھاگ جائے گی۔ اس طرح کے اوپر بہت سے مخفی اسرار اسی پر ظاہر ہوں گے جو سورۃ شریف کا چلہ کرے گا کیونکہ اس سے کتاب کا حجم بڑھ جائے اور مقصد کہیں کا کہیں نکل جائے گا۔ اس لئے وہ بھی محنت کرے اور اس کے ذریعے پیدا ہونے والے اثرات کا بغور خود مشاہدہ کرے۔

روحانی ترقی کے لئے

اس عمل کو کرنے کے لئے پرہیز جلالی و جمالی کرنا ہو گا اور روزانہ رات کو بعد نماز عشاء اسی سورۃ شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اس نقش کو ایک عدد دن کے حساب سے

لکھتے جائیں اور رات کو سونے سے پہلے اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں یہ عمل کل بیس دنوں پر مشتمل ہوگا۔ پھر جس بات کا بھی پتہ لگانا ہوگا تو اس نقش کو اپنے سرہانے رکھ کر وقتی طور پر اپنی آنکھیں بند کر لیں جو کسی کے حق میں اچھا ہوگا وہ نظر آجائے گا لیکن اس عمل کا ذکر کسی دوسرے سے نہ کرے۔

روحانی ترقی کے لئے

جو کوئی بعد نماز ایک بار سورۃ ناس پڑھتا رہے صاحب باطن اور کشف ہو۔

جو لوگ امور دینی و دنیوی کاہلی و غفلت کی وجہ سے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں انہیں چاہیے کہ ہر نماز سو مرتبہ مداومت کریں جس کا دل نہ لگتا ہو اس کو پنج وقتہ پانی پر دم کر کے پلائیں صاحب دلائل فرماتے ہیں 92 بار بعد نماز فجر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے دل کو روشن فرمائے۔

روحانی ترقی کے لئے

اگر کسی کو مخفی علوم سیکھنے کا شوق ہو یا روحانی علم و فہم میں ترقی کرنے کے لئے سورۃ الناس کو خاص کسی وقت مقررہ پر (111) مرتبہ پڑھ کر اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کریں اس عمل کی بدولت ان کے مخفی چھپے ہوئے اسرار کا پتہ لگے گا۔ اگر ان پر ایسی کیفیت طاری ہو جائے تو کسی سے بھی اس عمل کا ذکر نہ کریں۔

تسخیر خلائق کے لئے

جو کوئی 7 روز بوقت صبح بعد غسل (کہ غسل کرتے وقت اور بعد غسل اور بعد غسل

ختم عمل تک کسی سے بات نہ کرے) اچھا لباس پہن کر 12 مرتبہ اس کو پڑھے ایسی تسخیر پیدا ہو کہ خود متحیر ہو جائے۔

تسخیر خلائق کے لئے

تسخیر خلق کے لئے یا محمد کا عمل نہایت موثر ہے جو کوئی آدمی یہ چاہتا ہو کہ مخلوق اللہ اس کی عزت ہو، جن و انس اس کے مطیع ہوں ان کو مسخر کرنے کی قوت اس میں آجائے تو وہ باوضو حالت میں نماز عشاء کے بعد نہایت توجہ یکسوئی کے ساتھ یا محمد کا ورد 992 مرتبہ کرے۔ جس شخص کا نام گرامی محمد ہو، اس کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے 92 عدد ہیں لہٰذا 92 مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن و انس مسخر ہوں گے۔

تسخیر خلائق کے لئے

اگر اس کو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 11 بار پڑھیں تو عوام و خواص حکام و رعایا بلکہ ہر شے مسخر ہو اور اپنے گرد ہجوم دیکھے مگر شرط یہ ہے کہ ہر مومن کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آئے۔

تسخیر خلائق کے لئے

لوگوں میں مقبول و معزز ہونے کے لئے یہ عمل کریں ہر روز صبح گھر سے نکلنے سے بیشتر باوضو حالت میں تین مرتبہ سورہ ناس پڑھ لیا کرے اور پڑھتے وقت اپنے

مقصد کا تصور ذہن میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائے گا لوگ عزت واحترام سے پیش آئیں گے۔

تسخیر خلائق کے لئے

برائے قضائے حاجات ہر روز 3 مرتبہ پڑھے تو دولت مند ہو خلق اللہ مہربان ہو۔

عزت و مرتبہ کے لئے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں معزز ہو جائے، ہر کوئی اس کے ساتھ عزت واخلاق سے پیش آئے اور تابعداری کرے تو وہ یہ عمل کرے۔ نماز عصر کے بعد تین مرتبہ سورۃ ناس پڑھنے کا معمول بنالے۔

چالیس یوم کے بعد اس عمل کی برکت سے یہ اثر ہوگا کہ جس پر بھی اس کی نظر پڑے گی وہ مطیع ہو جائے گا۔ لوگوں کی نظروں میں معزز ہوگا اور شہرت حاصل ہوگی۔

عزت و مرتبہ کے لئے

اگر اس سورۃ کو کوئی روزانہ (21) مرتبہ پڑھ کر اللہ سے اپنے اس مقصد کی دعا کرے تو اللہ کبھی بھی اس کو رسوا نہیں ہونے دے گا بلکہ اس کی عزت وشوکت اس کلام پاک کے اثر سے بڑھے گی لیکن اس کا غرور اور تکبر نہ کرے۔

عزت و مرتبہ کے لئے

اگر کسی شخص کو یہ خواہش ہو کہ لوگ اس کی عزت کریں اور وہ لوگوں میں محترم

سمجھا جائے تو وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد مشک وزعفران سے ایک سفید کاغذ پر سورۃ ناس لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے اوپر باندھ لے۔ انشاء اللہ سب کی نظروں میں مکرم ومعزز ہو جائے گا نقش کی پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھے اور بے ادبی نہ ہونے دے۔

تسخیر حاکم کے لئے

اگر کسی کا حاکم یا افسر سخت مزاج ہو اور بعض اوقات صحیح باتوں پر بھی عمل نہ کرتا ہو تو اس کی تسخیر اور اپنی جائز بات منوانے کے لئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے بند کرنے سے پہلے اس افسر یا حکم کا تصور باندھ کر سورۃ الناس کو (21) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے بند کر کے اپنے گلے میں پہن لے اور نقش کے نیچے اس افسر یا حکم کا نام بھی مع والدہ لکھا جائے۔

ستر ہزار فرشتوں کی دعا

اگر کوئی سورۃ الناس کا ان آیات سمیت ورد کرے گا تو فرشتے اس کے حق میں صبح سے شام تک دعا کرتے رہتے ہیں اور اگر اس دوران اس کی موت واقع ہو جائے تو اس کو شہادت کا درجہ نصیب ہوگا۔ اس کے علاوہ اس کے بہت سے خواص ہیں۔ جو بیان نہیں کیے جا سکتے اس لئے اپنی دینی ودنیاوی ضروریات کو پورا کروانے کے لئے اللہ سے اس طریقے سے دعا مانگیں۔ اللہ اپنا کرم وفضل اور رحمت فرمائے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰہِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ

النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ. (سورۃ حشر 59 آیت 22 سے 44)

دینی و دنیاوی برکتوں کے لئے

اگر کوئی اللہ کی رحمت حاصل کرنا چاہے اور اپنی دنیاوی زندگی میں خاص اللہ کی رحمت کا موجب بننے کے لئے سورۃ الناس کو اس دعا کے اضافے کے ساتھ پڑھے تو اس کے کاروبار میں غائبانہ طریقے سے برکت ہوگی۔ اس کا رزق وسیع ہوگا۔ اس کے گھر میں کبھی فساد برپا نہیں ہوگا اور اس گھر میں رہنے والے تمام افراد آپس میں اتفاق سے رہیں گے اور اس کے پڑھنے کے اتنے فوائد پڑھنے والے کو حاصل ہوں گے کہ خود بھی حیران ہوگا۔ اس لئے اس طریقہ کو ہر فرض نماز کی ادائیگی کے بعد (21) مرتبہ کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ جتنا ہو سکے پڑھیں۔ اللہ کے فضل سے جو کوئی بھی جس مصیبت میں گرفتار ہوگا۔ اس عمل مبارک سے اس کی جان چھوٹ جائے گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ

النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ بِسْمَ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِى وَ دِيْنِى بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِى وَ مَالِى وَوَلَدِى بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مَا اَعْطَانِى اللّٰهُ رَبِّى لَا اَشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ اَعَزُّ وَجَلُّ وَ اَعْظَمُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ" رَعُز" جَلَالُكَ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّى اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِى وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَرِيْدٍ وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اِنَّ وَلِىَّ اللّٰهُ الَّذِى نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ.

ایمان کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی بھی اس سورۃ شریف کا ہر نماز کے بعد ذکر کرے تو وہ دنیا سے ایمان کے ساتھ رخصت ہوگا اور اسے اللہ کا قرب حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ۔

گناہوں کی بخشش کے لئے

اگر کوئی بھی اس سورۃ الناس شریف کو ان کلمات کے ساتھ روزانہ (111) مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ اپنی رحمت اس شخص پر برسائیں گے اور ممکن ہے کہ اس دوران اگر اس کی موت واقع ہو تو یہ قبر کے عذاب سے بھی محفوظ ہو اور اس پر موت کی سختی بھی آسان ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ

بِحَقِّ (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا) (سورۃ طلاق 65، آیت 2 سے 3)

کشادگی علم کے لئے

اپنے علم میں زیادتی اور علمی دنیا میں اپنا ایک علیحدہ مقام بنانے کے لئے ہر روز ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الناس شریف کو (40) مرتبہ نماز پڑھنے کے بعد کھڑا ہو کر ننگا سر رکھ کر کے پڑھیں لیکن ایسا صرف مرد حضرات کریں۔ خواتین اس عمل کو کرنے کے لئے پردے کا خاص انتظام رکھیں اللہ کے حکم سے ان کے مقصد کی کامیابی کے لئے غیب سے وسائل پیدا ہوں گے اگر اس عمل کو کرنے سے پہلے سادہ پانی شیشے کے گلاس میں رکھ لیا جائے اور عمل کے بعد اس پر دم کر کے پی لیا جائے عمل کا دہرا اثر ہوگا۔

ہنر سیکھنے کے لئے

اگر کوئی بھی ہر وقت بیکار رہتا ہو اسے کہیں بھی کام نہ ملتا ہو اور نہ ہی اس کا دل کام کرنے کو کرے یا کام کرتا ہو اور کام اس کی سمجھ میں نہ آتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک عدد کو اپنے گھر میں لٹکائے اور جب تک کام نہ ملے اسے ہوا میں لٹکا رہنے دیں اگر کوئی کام مل جائے تو اس نقش کو اتار کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اچھا روزگار ملے گا اور جو کام سمجھ میں آنہ رہا ہو گا وہ بھی سمجھ میں آئے گا اور اس سے متعلق جتنی بھی رکاوٹیں ہوں گی وہ دور ہوں گی۔

حاجت روائی کے لئے

قل	اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس
اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من
برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر
الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس
ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس
الناس	الہ الناس	من	شر	الواسوس	الخناس	الذی
الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس
من	شر	الواسوس	الخناس	الذی	یوسوس	فی
شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور
الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس
الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ
الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ	والناس

اپنے کسی بھی مقصد کے لئے نقش کو لکھنے کے بعد مقصد کے لحاظ سے فلاں بن فلاں ضرور لکھیں۔

دافع تہمت کے لئے

اگر کسی پر ناجائز تہمت لگا دی ہو اور جس پر تہمت لگی ہو اس کی بات کا کوئی اعتبار

نہ کرے تو سورۃ الناس کو اپنے اس مقصد کی خاطر روزانہ عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے اور اللہ سے اس مقصد کے حل ہونے کی دعا کرے اللہ کے حکم سے جس پر تہمت لگائی گئی ہو وہ بری ہوگا۔

مشکل کشائی کے لئے

کسی بھی طرح کی مشکل ہو اس دعا کی برکت سے وہ ختم ہو جاتی ہے۔ جب بھی کبھی حاجت یا ضرورت ہو تو باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھ کر پہلے تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ ناس کو سات مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ یہ دعا نہایت عاجزی وانکساری سے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ یَامَنْ نُورِہٖ فِی سَرِّہٖ فِی خَلْقِہٖ اَحْفِظْنِی مِنْ اَعْیُنِ النَّاظِرِیْنَ وَ قُلُوْبِ الْحَاسِدِیْنَ الْبَاغِیْنَ کَمَا حِفِظْتُ الرُّوْحُ فِی الْجَسَدَاِنَکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر.

ترجمہ: ”اے میرے پروردگار، اے وہ اللہ جس کا نور اس کے اسرار غیب میں ہے اور اسرار اس کا اس کی خلق میں یعنی عالم شہود میں ہے مجھے محفوظ رکھ کوتاہ بینوں کی نظروں سے یعنی نظر لگانے سے اور حاسدوں اور باغیوں کے رشک خاطر و سینہ پر کینہ سے جس طرح تو نے روح کی حفاظت کی جسم کے اندر البتہ تو ہی ہر شے پر قادر ہے۔“

اس دعا کو پڑھنے کے بعد یہ کہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْرِمْنِی بِقَضَاءِ حَوَائِجِی وَ اکْرِمْنِی بِطَاعَتِکَ.

ترجمہ: اے اللہ میرے، میرے ساتھ کرم کر میری حاجت روائی میں اور مجھ پر کرم کر اپنی اطاعت کی بجا آوری میں۔“ یہ کہنے کے بعد اپنی جو بھی حاجت جو

ضرورت ہو اس کا بیان کرے اور پھر چودہ چودہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْوَاسِعُ السَّابِعُ مَا تُغْنِبِی بِہٖ عَنْ جَمِیْعُ خَلْقِکَ

پھر یہ کلمات مبارکہ سولہ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِی مِنْ اٰفَاتُ الدُّنْیَا وَ فِتْنَتِھَا

ترجمہ: ”اے اللہ، مجھے پناہ دے آفتوں سے اور دنیا کے تمام فتنوں سے۔“

اس کے بعد اپنی جو بھی مشکل یا حاجت ہو وہ بیان کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے یعنی جس مقصد کے لئے دعا کر رہا ہے اس کا ذکر کرے۔ اگر کسی بیماری کی وجہ سے پریشان ہو تو اس بیماری کا نام لے کر اللہ تعالیٰ سے شفا کا طلب گار ہو۔ اگر کسی ظالم کے ظلم سے تنگ ہو تو اس ظالم کا نام لے کر ظلم سے نجات کی دعا مانگے۔ اس کے بعد یعنی جو بھی دعا مانگنی ہو وہ مانگ کر چوتھی مرتبہ ایک بار سورۃ ناس پھر پڑھے۔ جو حل المشکلات دعا بتائی گئی ہے کہ اس کے بارے میں دعویٰ سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ بفضل باری تعالیٰ سورۃ مزمل (73) کی برکت سے جو بھی مشکل ہوتی ہے وہ آسان ہو جاتی ہے اور ہر طرح کی حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

مشکل کشائی کے لئے

جب کسی پر کوئی مشکل آ پڑے اور کسی بھی طرح وہ دور نہ ہو تو ایک آدمی یا تین آدمی مل کر باوضو حالت میں دریا کے کنارے پاک صاف حالت میں بیٹھیں اگر دریا نہ ہو تو کسی بڑے برتن میں پانی بھر کر اپنے سامنے رکھ لے اور اول و آخر گیارہ بار

درود پاک پڑھے۔ درمیان میں اکسٹھ مرتبہ سورۃ الناس ایک ہی جلسہ میں تمام کرے اور یہ تصور کرے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے ہیں۔ پھر نہایت ہی مودبانہ انداز اختیار کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ جمیلہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں اپنی عرض پیش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی وہ مشکل ختم ہو جائے گی۔

مشکل کشائی کے لئے

اگر کوئی کسی ایسی مشکل میں پھنس گیا ہو جس کا کوئی حل دکھائی نہ دیتا ہو تو وہ یہ عمل کرے ہر روز کسی بھی فرصت کے وقت چالیس یوم تک اکتالیس مرتبہ سورۃ ناس پڑھے۔ پڑھتے وقت اپنے دل میں اپنے مقصد کا بھی دھیان رکھے اگر کھڑے ہو کر قبلہ رخ ہو کر پڑھے تو بہت ہی بہتر ہے ورنہ بیٹھ کر بھی پڑھ سکتا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ چالیس دنوں کے اندر اندر ہی مشکل حل ہو جائے گی۔ اگر چند دنوں میں ہی مشکل حل ہو جائے تو پھر بھی چالیس یوم پورے کریں۔

مشکل کشائی کے لئے

سورۃ الناس کے اس عظیم عمل پر عمل کرنے کے لئے اور اپنی دنیاوی مشکلات کے سو فیصد حل کے لئے سب سے پہلے اس کے طریقہ کار کو سمجھیں اور پھر جس طرح کا کام ہو اس طریقہ کو عمل میں لا کر خود اس کے نتیجے سے بہرہ ور ہوں اور مصنف کتاب کو دعاؤں سے نوازیں اللہ کے حکم سے اس پر عمل کرنے سے بڑی سے بڑی مشکل کا خاتمہ ایسے ہو گا جیسے مکھن میں سے بال کا نکال لینا اور اگر کوئی فرد اس عمل کا عامل بن

جائے تو میرے نزدیک یہ فرد خود اور دوسرے کے لئے کسی مسیحا سے کم نہیں ہو گا۔ اس لئے اس عمل کو کرنے کے لئے اس کی ہدایات پر غور سے دھیان دے کر سوچ کر عمل کریں۔ اگر کوئی فرد اس عمل کا ایسا عمل بنانا چاہے جس میں دنیاوی تمام مشکلوں کے خاتمے کے لئے صرف یہ ایک ہی مرتبہ اس عمل کو دہرائے اور کام کا نتیجہ اس کے سامنے آ جائے تو ایسی صورت میں اس فرد کو کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ عمل کرنا ہو گا اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد آگے تفصیل وار درج ہوں گے اور اگر کوئی فرد اس عمل کو بغیر عامل بننے کے صرف اپنی مصیبت یا پریشانی کو ختم کرنے کے لئے کرنا چاہے تو وہ صرف اپنے مقصد کا تصور باندھ کر عمل کو کرے اور سو فیصد نتائج برآمد کرنے کے لئے دوران عمل روزہ دار ضرور رہے اور اپنے کام کی نسبت خود اس کے اثرات ملاحظہ فرمالے۔ اس کے علاوہ اس عمل کے ذریعے جو اور مقاصد عمل سے متعلق ہیں وہ آگے تفصیل وار درج ہوں گے جس پر اس عمل کا عامل ان تمام نتائج سے فائدہ اٹھا سکے گا اور اس کے برعکس صرف اپنی ضرورت کو پورا کرنے والے افراد اپنی ضرورت کو پورا کر سکیں گے اور اس پر عمل کرنے والا پھر شاید ہی کسی عمل کو کرے۔ یہ عمل نقوش پر مبنی ہے۔ جو سورۃ شریف کے الفاظ سے بنے ہیں اور ان کے اندر مخفی اثرات سے فیض اب بھی جاری ہے لیکن اس پاک عمل کی بدولت کبھی ناجائز کام مت کریں۔

(1) قُلْ (2) اَعُوْذُ (3) بِرَبِّ (4) النَّاسِ (5) مَلِكِ (6) النَّاسِ (7) اِلٰہِ (8) النَّاسِ (9) مِنْ (10) شَرِّ (11) الْوَسْوَاسِ (12) الْخَنَّاسِ (13) الَّذِیْ (14) یُوَسْوِسُ (15) فِیْ (16) صُدُوْرِ (17) النَّاسِ (18) مِنَ (19) الْجِنَّةِ (20) وَالنَّاسِ۔

سورۃ شریف کے اس عمل کی جان یہ حروف ہیں اور انہی پاک حروف سے یہ عمل وجود میں آیا ہے۔

مشکل مشکلائی کے لئے

اگر کسی پر ایسی کوئی آفت آجائے جو کسی بھی طریقے سے جان نہ چھوڑتی ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ الناس شریف کو ان آیات سمیت اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے گھر کے کونوں پر دم کیا کریں اور پڑھنے کے فوراً بعد اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعا کیا کریں۔ اللہ کے فضل سے اس نورانی عمل کی بدولت چند دنوں کے اندر مصیبت اور اس آفت کا خاتمہ ہوگا۔ جس سے کوئی بھی بہت زیادہ پریشان ہوگا۔ یا اس عمل میں زیادہ قوت پیدا کرنے کے لئے اپنے نام کے حروف ابجد کے مطابق پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰہِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَدِیْمُ الَّذِی لَمْ یَزَلْ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمُ الَّذِی لَمْ یَجْھَلْ سُبْحَانَ الْجَوَّادِ الَّذِی لَمْ یَبْخَلْ سُبْحَانَ الْحَکِیْمُ الَّذِی لَمْ یَجْعَلْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن.

مشکل کشائی کے لئے

اگر کوئی کسی بھی مصیبت میں گرفتار ہو تو اس سورۃ شریف کو بکثرت ورد کرے اللہ کے فضل سے جس مصیبت میں ہوگا چند دنوں کے اندر بری ہوگا۔ انشاء اللہ۔

مشکل کشائی کے لئے

اگر کوئی اپنی ہی کوتاہیوں سے کربناک اذیتوں میں پھنس گیا ہو اور دن بدن

ترقی کے بجائے الٹا پست و نیچے درجے میں پہنچ چکا ہو اور توبہ و استغفار کا طالب ہو اور دوبارہ اپنی اصل جگہ پر پہنچنا چاہتا ہو تو سورۃ الناس کو ہر فرض نماز کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اللہ سے زیادہ سے زیادہ اپنی ترقی اور گناہوں کی معافی کی دعا کرے اللہ کے حکم سے دوبارہ اسی مقام پر فائز ہوگا۔

مشکل کشائی کے لئے

اگر کوئی اتنا بڑا کام ہو جو ناممکن بن چکا ہو اور لاکھ کوششوں کے بعد بھی ادھورا ہی رہے تو اس سورۃ کے ذریعے ختم کی شکل میں اس کا ورد اس طریقے سے کریں اللہ کے حکم سے پاک کلام کے ذریعے وہ کام ضرور پورا ہوگا جو اللہ کے نزدیک جائز حیثیت رکھتا ہوگا۔

مشکل کشائی کے لئے

اگر کسی مرد یا عورت کو ایسا غم لگ جائے جو دن بدن بڑھتا رہے اور اس سے صحت بھی خراب ہو رہی ہو تو روزانہ سورۃ الناس کو (۱۱۱) مرتبہ کھڑے ہو کر اسٹیل یا لوہے کے گلاس میں پانی بھر کر اس پر دم کر کے اس کو پلائے جو غم کو بھولتا نہ ہو اللہ کے حکم سے اس مرض سے جان چھوٹ جائے گی۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

اگر کسی فرد نے کسی کا قرضہ دینا ہو اور اس کا کوئی بھی وسیلہ نہ بن رہا ہو تو صبح و شام اس سورۃ کو بکثرت ورد کیا کرے۔ اللہ کے حکم سے اس سورۃ کی برکت کی بدولت

غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کے وسائل بننا شروع ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

فتح وکامرانی کے لئے

اگر کوئی دنیاوی معاملات میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اگر مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر خاتون ہو تو اپنے الٹے بازو پر باندھے اور اس کو دن میں ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الناس کو پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کیا کرے اور اس پر گاہے بگاہے عطر وغیرہ بھی لگاتے رہیں اللہ کے حکم سے اس عمل کو کرنے والا کبھی بھی دنیا کے میدان میں نہیں ہارے گا بلکہ اس کو ہرانے والے خود مغلوب ہوں گے اور اس کی ترقی ہوگی۔

ہر کھیل میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کی کھیل میں دلچسپی ہو اور اس میں ہر مرتبہ ناکامی رہتی ہو تو ان نقوش کو زعفران سے دنوں کی تعداد کے مطابق لکھیں اور اسے آٹے میں لپیٹ کر دریا یا تالاب میں ایسی جگہ ڈالیں جہاں مچھلیاں ہوں اور اس عمل کو بیس دنوں تک جاری رکھیں اور روزانہ بیس نقوش کو زعفران سے لکھیں اور آخری دن بیس نقوش میں سے انیس دریا میں ڈال دیں اور آخری نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔ اللہ کے حکم سے اس کامل عمل کی بدولت ان کی کبھی کسی کھیل میں ہار نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ۔

ہر کھیل میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص کوئی کھیل کھیلتا ہو اور اسے اس میں کامیاب ہونے کے لئے کافی

محنت کرنی پڑ رہی ہو تو اس کھیل کو آسان بنانے اور اس پر فتح حاصل کرنے کے لئے اس نقش کو صبح سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد زعفران سے لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے کسی بھی میدان میں نہیں ہارے گا۔ انشاء اللہ۔

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کا کوئی زبردست مقدمہ چل رہا ہو تو وہ ان نقوش کی مدد سے اللہ کی طرف مائل ہو اور ان نقوش کو روزانہ ایک بڑے سے سفید کاغذ پر کچی پنسل سے لکھے اور آٹے میں بند کر کے گولی بنا کر اس کو جہاں مچھلیاں ہو وہاں ڈالے اللہ کے فضل سے عمل کرنے والا ہی مقدمہ جیتے گا۔ پہلے دن ان نقوش کو دو مرتبہ سفید کاغذ پر لکھنا ہوگا اور اسے اپنے گلے میں اپنا نام اور مقصد لکھ کر باندھیں اور پانی میں ڈالنے والے نقوش کو روزانہ مقصد کے حصول تک جاری رکھے اس عمل کا اثر بیس دنوں کے اندر ظاہر ہوگا۔ انشاء اللہ۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ شخص گرفتار ہو گیا ہو اور اس کی واپسی کا کوئی بھی راستہ نہ ملتا ہو تو اپنے گھر میں سورۃ الناس شریف کا ختم اس طریقے سے دلوائے اللہ کے حکم سے بے گناہ شخص رہا ہوگا۔ اس عمل کو کرنے والا اگر امیر شخص ہو تو وہ خوب صورت انداز میں میٹھے چاولوں کا زردہ اس نیت سے پکوائے اور بازار سے اچھی قسم کے بادام لائے اور ہر بادام پر سورۃ الناس کو ایک مرتبہ پڑھے افراد کی کوئی قید نہیں ہے۔ اگر ایک آدمی ہوگا تو اس کو کافی مشکل پیش آئے گی اور اگر کچھ حضرات مل کر اس کو پڑھ لیں تو چند دنوں

میں یہ ختم ہوجائے گا سورۃ الناس کو سوالاکھ کی تعداد میں پڑھا جائے گا دنوں کی بھی کوئی قید نہیں ہے۔ بس ہر بادام پر سورۃ الناس شریف کو ایک مرتبہ پڑھیں اور سوالاکھ کی تعداد کو پورا کر کے اسے ختم کریں اور اپنے مقصد کی دعا اللہ سے کریں جو دیگ چاولوں کی پکائی ہوگی وہ غریبوں اور مسکینوں میں بانٹ دے اور باداموں کو آٹے کے اندر گولیاں بنا کر دریا میں ایسی جگہ ڈالے جہاں مچھلیاں رہتی ہوں یا کوئی تالاب ہو اس کی بھی کوئی قید نہیں ہے اللہ کے حکم سے قیدی شخص بہت جلد اور چند دنوں میں رہا ہوگا اور اگر کوئی شخص غریب ہو اور وہ اتنا بڑا صدقہ نہ دے سکے تو اپنی حیثیت کو دیکھتے ہوئے اللہ کی راہ میں کچھ ضرور بانٹے اور سورۃ شریف کو اسی ترتیب سے باداموں پر پڑھ کر مچھلیوں کو ڈالے مقصد حل ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر کوئی بہت بڑا کام ہو اور کسی بھی طریقے سے حل نہ ہوتا ہو تو اللہ کے نام پر ضروری کچھ بانٹ کر سورۃ الناس کو سوالاکھ کی تعداد میں پڑھے اللہ کے فضل سے اس طریقے کو اپنانے والا اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ اس عمل مبارک سے وہ کام بھی ہوجائے گا جو ہمیشہ کے لئے ناممکن بن گیا ہو۔ اس لئے مقصد اور وقت کے لحاظ سے سوالاکھ کی تعداد کو پورا ضرور کرے حسب توفیق اللہ کے نام پر بھی کچھ ضرور بانٹے یہ بھی اس عمل کا ایک حصہ ہے۔

قید سے رہائی

اگر کوئی بے گناہ اور ناجائز طور پر قید ہوگیا اور باہر آنے کے تمام راستے اس پر بند ہو چکے ہوں تو اس نقش کو لکھنے سے پہلے سب سے پہلے کسی بزرگ کی نیاز دینا لازمی ہے۔ پھر اس کو زعفران سے لکھ کر اس قیدی کو دے تا کہ وہ اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اللہ کے فضل سے اگر بے گناہ ہوگا تو چند دنوں کے اندر چھوٹ جائے گا۔ انشاء اللہ۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کسی کا کوئی عزیز ناجائز طور پر گرفتار ہوگیا ہو اور اس کی رہائی کا کوئی بھی وسیلہ نہ بنتا ہو تو کچھ مقدار میں سفید چاول لا کر اسے ابال کر اس پر دودھ ڈالیں اور اس پر قدرے شکر یا چینی ملا کر دریا نہر کے کنارے شام کے وقت رکھ دیں اور گھر آ کر خود اور اس قیدی کو ہدایت کریں کہ سورۃ الناس کو اس طرح پڑھے اور اللہ سے اپنی رہائی کی دعا کرے اگر اللہ نے چاہا تو چند دنوں کے اندر بری ہوگا۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ مِنَ الۡجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ۔

(سورۃ انبیاء 21، آیت 86)

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ قید ہوگیا ہو اور اس کی رہائی کا کوئی بھی وسیلہ نہ بن رہا ہو تو اس عمل کو اوپر مذکورہ طریقے کے مطابق عمل میں لائیں اللہ کے حکم سے قید سے رہائی ممکن ہوگی۔ انشاء اللہ۔

مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی مفرور ہوجائے اور کسی بھی طریقے سے واپس نہ آتا ہو تو اس تکسیر کو سرخ روشنائی سے لکھ کر اسے کسی قفل میں ڈال کر اوپر موم لگا کر اسے چلتے پانی میں بہائیں

اللہ کے حکم سے مفرور واپس آئے گا اور اس دوران مفرور کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ الناس کے بعد نماز عشاء (41) مرتبہ پڑھ کر تصور رکھ کر دم کیا کرے۔

مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی عزیز ملک سے باہر چلا گیا ہو یا اپنے ہی ملک میں رہتے ہوئے رابطہ نہ کرتا ہو تو ایک سفید کاغذ پر سورۃ الناس کو اس طرح زعفران سے لکھ کر اسے جہاں سے مفرور بھاگا ہے وہاں پر لٹکا دے اور اسی جگہ نماز بھی پنجگانہ ادا کرے اور ہر ایک رکعت کے بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ الناس ہی اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اور اس عمل میں سے کسی سے بھی گفتگو نہ کرے اللہ کے حکم سے مفرور چند دنوں کے اندر واپس آئے گا۔

ب س م ال ل ہ ال رح م ن ال رح ی م ق ل اع و ذ ب رب ال ن اس م ل ک ال ن اس ال ہ ال ن اس م ن ش رال وس واس ال خ ن اس ال ذ ی ی وس و س ف ی ص دو رال ن اس م ن ال ج ن ت وال ن اس فلاں بن فلاں جلد از جلد واپس شود۔

مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی کسی ایسی جگہ چلا گیا ہو جہاں سے اس کی واپسی ناممکن بن گئی ہو تو ان نقوش کو مذکورہ طریقے کے مطابق زردے رنگ سے لکھ کر اس کے پیچھے اپنے مقصد لکھ کر اس کو ہوا میں لٹکائیں اور بیس ٹکڑوں پر علیحدہ علیحدہ دو بار دنوں کے حساب سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اپنے گھر میں اس پانی کا چھڑکاؤ کریں اور ہر نقش کے نیچے

مفرور کا نام ضرور لکھیں۔ اللہ کے فضل سے ان بیس دنوں کے اندر جہاں بھی ہو گا واپس ضرور آئے گا۔ انشاء اللہ۔

گھر کی حفاظت کے لئے

اگر کسی کے گھر میں ہر وقت بے ترتیبی سے لڑائی جھگڑا اور فتنہ وفساد برپا رہتا ہو اور اس کی کوئی صحیح وجہ بھی معلوم نہ ہو رہی ہو تو سورۃ الناس کو اس طرح زعفران سے لکھے اور فریم کروا کر اپنے گھر میں دروازے کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اسی طرح دکان پر بھی لگائے اللہ کے فضل سے دکان اور مکان میں اللہ کی خاص برکت ہوگی۔ یہ سورۃ الناس کو لکھنے کا ایسا طریقہ ہے۔ جس کو لکھتے لکھتے قلم اٹھایا نہیں جاتا اس کو اس لئے درج کیا جا رہا ہے تاکہ کسی کو لکھنے میں کوئی دقت محسوس نہ ہو۔ اس کے علاوہ اس کے جو بھی خواص ہیں وہ آگے درج ہوں گے۔

چوری سے حفاظت کے لئے

اگر اس تکسیر کو زعفران سے لکھ کر کسی بھی صندوق میں رکھا جائے تو اس صندوق کی اشیاء کو بھی کوئی بھی چرا نہیں سکے گا۔ اگر یہ کسی دکان پر لگایا جائے گا تو اس کا مال چوروں سے ہمیشہ محفوظ رہے گا غرض اس تکسیر کو اس نیت سے لکھ کر جہاں رکھا جائے گا یا لگایا جائے گا تو اللہ کی مدد سے چور اپنے مقصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ انشاء اللہ۔

چوری سے حفاظت کے لئے

اگر اس نقش کو کوئی بھی زعفران سے لکھ کر اسے اپنے مال خانہ میں رکھے تو اس کی

برکت سے کوئی بھی چور یہ مال نہیں چرا سکے گا اور اگر کوئی اسے اپنے کاروباری مقام پر لگائے تو بھی اس کی دکان چوری چکاری سے ہمیشہ محفوظ رہے گی۔ اسے اگر کوئی حصول برکت کے لئے زعفران سے لکھ کر اپنے غلہ میں رکھے تو بھی غلہ مال سے خالی نہیں رہے گا۔ انشاء اللہ۔

چوری سے حفاظت کے لئے

اگر کسی فرد کو اپنے گھر میں چوری ہونے کا اندیشہ رہتا ہو تو اگر وہ رات کو سونے سے پہلے اسی سورۃ کو پانچ مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ روز سے تالی بجا کر سو جائے تو اللہ کے فضل سے اس کا گھر آئندہ اگلے دن تک چوری سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔

محبت کے لئے

اگر دو جائز محبت رکھنے والوں کے درمیان ان کے رشتہ دار یا کوئی دوسرے افراد کسی بات کے ذریعے پھوٹ ڈلواتے ہیں اور یہ ان کی باتوں میں آ کر آپس میں ناراض ہوئے ہوں تو اس عمل کو دو مرتبہ سفید کاغذ پر زعفران سے لکھیں اور ایک عدد کو اپنے گلے میں باندھیں اور دوسرے کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی دونوں استعمال کریں۔ اللہ کے حکم سے ان کی جائز محبت کے درمیان جو بھی رکاوٹیں ہوں گی وہ دور ہوں گی لیکن اس عمل مبارک کو ناجائز جگہ ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ فائدے کے بجائے الٹا نقصان ہوگا اور اس عمل کو کسی میٹھی چیز پر دم کرکے بھی کھلائیں۔ یہ اس عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کا موجب بنے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ

النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ وَ لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ اِذْتَمْشِىْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ "هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَيَا مُسَخِّرَاتِ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ قَلْبِ لِفُلَانَةٍ قَلْبُ فُلَانٍ بِالْخَيْرِهٖ دَاءِ الْحَقُوْقِ يَا وَدُوْدُ حَبَبْ حَبَبْ يَا وَدُوْدُ فُلَانِ بِنِ فُلَانٍ (سورۃ طٰہٰ 20، آیت 39 سے 40)

محبت کے لئے

اگر جائز محبت کے لئے سورۃ الناس شریف کو پیپل کے پتے پر دم کرکے اپنے مقصد کا تصور رکھ کر آگ میں جلائے تو اس عمل سے محبوب محبت میں بے قرار ہوگا اور محبت میں زیادتی پیدا ہوگی اگر عمل اثر کر جائے تو ایک عدد پھر پیپل کے پتے پر سورۃ الناس شریف کو 11 مرتبہ پڑھ کر دم کرکے اپنے بازو پر باندھ لے جس طرح کوئی تعویذ یا نقش باندھا جاتا ہے۔ اللہ کے حکم سے جس کا بھی کامل تصور باندھ کر اس عمل کو کیا جائے گا اس کی اس عمل کے ذریعے ضرور تسخیر ہوگی۔ انشاء اللہ۔

محبوب کی تسخیر کے لئے

اگر کسی مطلوب کا محبوب اس کو چھوڑ کر کسی اور کے ساتھ دوستی کر لے خواہ اس کی کوئی بھی وجہ ہو تو اس عمل کو اس طرح کرے کہ کاغذ کے سفید ٹکڑے اتنی مقدار میں لے

جتنے میں یہ نقش بآسانی تحریر ہو سکے پھر اس پر ان چاروں نقوش کو علیحدہ علیحدہ کالی و نیلی سیاہی سے لکھیں۔ یعنی تعویذات کا خاکہ کالی سیاہی سے تحریر کرے اور اندر کی عبارت نیلی روشنائی سے لکھیں اور چاروں نقشوں کو لکھ لینے کے بعد اپنے محبوب کا نام اور درمیان میں البغض والعداوت بین فلاں بن فلاں یہاں اس کا نام جس سے محبوب نے دوستی کرلی ہے اور بن فلاں یہاں اس کی والدہ کا نام لکھ کر ان ناموں کے اندر ایک ایک سوئی سورۃ الناس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے نام کے اندر چبھو دے اور ایک کوری ہانڈی میں ڈال دیں۔ پھر کالی مرچیں لے کر اس پر سورۃ الناس کو اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھیں کر اس ہانڈی کے اندر ڈال کر اوپر سے گوندھا ہوا آٹا لگا کر بند کر کے بوقت زوال اس ہانڈی کو اپنے ہاتھوں کی مدد سے زور زور سے ہلائے تاکہ ہانڈی کے اندر کی اشیاء اس حرکت سے زیادہ حرکت کریں۔ روز دس منٹ اس عمل کو کریں اور خود اس عمل کے اثرات کو دیکھ لیں عمل کامیاب ہونے کی صورت میں اس ہانڈی کو چلتے پانی میں بہا دیں۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی آپس میں بہت لڑتے اور جھگڑتے ہوں اور ان کی کسی بھی طرح اصلاح نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈالیں جب اچھی طرح اس پانی میں نقش کا زعفران گھل جائے تو جہاں پر دونوں سوتے ہیں وہاں اس پانی کے چند قطرے اس طرح چھڑکے کہ بستر (تر) معلوم نہ ہو اور اس میں سے کچھ پانی پینے کے لئے بھی دے اللہ کے حکم سے دونوں آپس میں اتفاق و محبت سے رہیں گے۔ انشاء اللہ۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اس عمل کو میاں بیوی آپس میں زیادتی محبت کے لئے کریں اور ویسے کوئی طالب و مطلوب ہو تو وہ بھی جائز اس عمل کو کر سکتا ہے۔ اگر مرد یہ عمل کرنا چاہتا ہو تو مرغی کے انڈے پر مرغی کے خون سے اس کو انڈے پر لکھے اور اس مرغی کا گوشت غریبوں میں تقسیم کردے اور اگر عورت یہ عمل کرنا چاہے تو مرغی کا انڈہ لے کر مرغ کے خون سے اس کو انڈے پر لکھے اور مٹی کی چھوٹی سی کلیا لے کر انڈے کو اس میں رکھ کر آگ کی ہلکی آنچ پر رکھ دے اور اس عمل کو کم از کم سات دنوں تک کرے پھر اس کلیا کو انڈے سمیت دریا نہر میں بہا دے اس عمل کو مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور کرے اس سے دو محبت کرنے والوں کے درمیان زیادہ محبت پیدا ہو گی اور ان کے درمیان جتنی بھی رکاوٹیں ہوں گی وہ دور ہوں گی۔ انشاء اللہ۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر کسی بیوی کا میاں یا کسی میاں کی بیوی بد چلنی کرتی ہو اور گھریلو زندگی گزارنے کے علاوہ باہر ادھر ادھر پھرتے ہوں تو اس نقش کو کالی، نیلی اور سرخ سیاہی کو آپس میں ملا کر اس میں تھوڑا سا نوشادر ملا کر تحریر کرے اور اسے چار عدد لکھے اور نقش کے نیچے اگر بیوی ہو تو اپنے میاں کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور اگر میاں ہو تو اپنی بیوی کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر اس کو کسی لوہے یا تانبے کے ٹکڑے کے اندر لپیٹ کر ایک عدد جہاں آگ جلتی ہو وہاں دفن کرے ایک کو کانٹے اور درخت کی شاخ پر لٹکائے ایک کو دریا یا نہر کے کنارے دفن کرے اور ایک کو اس تانبے کے ٹکڑے میں

لپیٹ کر اپنے بازو یا گلے میں باندھے بفضل خدا اس عمل کی بدولت اور اس نقش کے اثر سے کوئی بھی اپنے متعلقہ مقصد میں ضرور کامیاب ہو گیا۔

حاکم یا محبوب کی ناراضگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی کا حاکم کسی سے بدسلوکی کرتا ہو یا کسی کا محبوب اس سے بلاوجہ ناراض رہتا ہو تو اس سورۃ شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے اس کے پاس جائے اللہ کے حکم سے اس سورۃ کی برکت سے حاکم و محبوب اپنے دل کو ان کے حق میں نرم رکھیں گے اور اس کا ذکر کرنے والوں کو عزیز جانیں گے اور اسی عمل میں زیادہ تاثیر پیدا کرنے کے لئے اسی سورۃ شریف کو بروز منگل بوقت صبح زعفران سے لکھ کر اگر کوئی مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر کوئی خاتون ہو تو اس کو اسی طریقہ سے لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے کوئی بھی اس پر عمل کر کے چند دنوں کے اندر اپنے ان مقاصد میں ضرور کامیاب ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

صلح کرانے کے لئے

اگر کوئی فرد کسی سے بگڑ جائے اور صلح نہ کرتا ہو تو ایک کوری ٹھیکری لا کر اس پر اس نقش کو تحریر کرے اور اس کا نام مع والدہ پھر اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھے اور اس کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے اور نقش کو تیار کرنے کے بعد اس کے گرد انگوری سرکے ایک دائرہ بھی بنائے اللہ کے حکم سے اس پانی کے پیتے ہی فوراً وہ اس سے صلح کرنے پر آمادہ ہو گا۔ اس عمل کو کسی عورت پر بھی کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی کسی خاتون سے دل سے پیار کرتا ہو اور ان کا مقصد آپس میں شادی کرنے کا ہو لیکن کوئی ان میں پھوٹ ڈلوا دے

تو اسی عمل کو کرے لیکن نام عورت کا مع والدہ لکھے اور اس کا پانی اس کو پلائے اللہ فضل فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔

بچوں کی بدتمیزی ختم کرنے کے لئے

اگر بچے بہت بدتمیزی اور والدین کے ساتھ زبان درازی کرتے ہوں اور ناجائز چیزوں کی خواہش کرتے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور بچے کو دودھ دیتے وقت اس پانی کے چند قطرے اس دودھ میں ملا کر پلائیں اور رات کو اس بچے کے سوتے ہوئے اس پانی کے قطرے اس کے سینے پر ملیں بچہ اپنے والدین کا کہنا مانے گا اس کے علاوہ اس نقش کو کسی بھی میٹھی چیز میں ملا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

جانوروں کی شرارتوں کو دور کرنے کیلئے

اگر کسی جانور کو کوئی بیماری ہو گئی ہو یا کوئی جانور کسی سوار کے سوار ہونے کے وقت شرارت سے کام لے تو اس سورۃ شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کے کان کے اندر پھونک مار کر دم کرے۔ اللہ کے فضل سے جانور ہر طرح کی بیماریوں اور شرارتوں سے باز رہے گا۔ انشاء اللہ۔

پسند کی شادی کرنے کے لئے

اس عمل کو کرنے والے حضرات سب سے پہلے حسب و نسب کا نسلی امتیاز ضرور ملحوظ خاطر رکھیں اور زمین و آسمان کے فرق کو اچھی طرح سے سمجھنے کے بعد اس عمل کو کرنے کا ارادہ کریں۔ اگر کوئی لڑکا کسی سے شادی کرنا چاہتا ہو اور لڑکی کے گھر والے

نہ مانیں تو ایک عدد لوہے کا ٹکڑا اتنی مقدار میں لے جس پر متعلقہ عمل کی عبارت با آسانی تحریر ہو جائے پھر دریا سے پانی لا کر ایک عدد مٹی کا مٹکا لیں۔اس پانی کو مٹکے میں ڈال کر اس میں شکر پانی کی مقدار کے مطابق اتنا ڈالے کہ جتنا پینے میں بھی میٹھا محسوس ہو اور اس تحریر شدہ عمل کی عبارت کو اس مٹکے میں ڈال دے اور کسی طریقے سے ان کے گھر کے باہر اس پانی کا چھڑکاؤ کرے جو رشتے کے لئے راضی نہ ہوتے ہوں۔
مٹکے میں جتنا پانی پہلے دن تھا اتنا ہی رہنے دیں اور اس میں زیادتی پیدا کرنے کے لئے اور پانی ہرگز مت ڈالیں بس جتنا پانی اور شکر ڈال دیں اس کو اس عمل کی کامیابی کی خاطر استعمال کر دیں۔عمل ضرور اپنا اثر دکھائے گا۔اس عمل میں زیادہ تاثیر پیدا کرنے کے لئے عمل بھی کرتے رہیں اور کسی مخصوص وقت سورۃ الناس شریف کو بھی 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے تصور کو باندھے اللہ کے حکم سے ان کا رشتہ اسی جگہ ہوگا جہاں پر رشتہ کرنے کی یہ خواہش رکھتے ہیں اس عمل کو ناجائز جگہ ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ گناہ گار بھی ہوں گے اور محنت ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ کام بھی نہیں ہوگا۔

دشمن سے نجات کے لئے

اگر کسی کو کوئی بلاوجہ تنگ یا پریشان کرے اور دوسرے تمام مسلمانوں کے لئے مہلک وخطرناک ثابت ہو اور کسی بھی اصلاح یا اچھی بات پر دھیان نہ دے تو مسجد سے پاک مٹی لا کر اس پر سورۃ الناس کو 70 مرتبہ پڑھے اور دشمن کا مکمل تصور باندھے کہ جس طرح یہ مجھے تکلیف دیتا ہے اسی طرح میرے اس پاک کلام پڑھنے سے اس کے شر کو تکلیف ہو رہی ہے۔اسی طرح تمام عمل کو پڑھ کر اس مٹی کو دشمن کے گھر میں پھینک دے اللہ کے حکم سے دشمن کسی مسلمان کو اذیت نہیں دے سکے گا۔انشاء اللہ۔

دشمن کو بیمار کرنے کے لئے

اگر کسی سے جائز بغض و عداوت ہو یعنی مخالف نے ہر طرح سے نقصان پہنچانے کی ٹھان رکھی ہو تو اس کو اس برے فعل اور ارادے سے باز رکھنے کے لئے روزانہ ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الناس کو پانچ مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر پھیر لیا کرے اور اس دشمن کا تصور باندھ کر اسے پھونک مار دیا کرے اللہ کے حکم سے ان کا دشمن ان کو جس مرض یا اذیت میں مبتلا کرنے کی سوچتا ہوگا خود اس مرض میں مبتلا ہوگا۔

دشمن پر فتح یابی کے لئے

اوپر مذکورہ عمل میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اس نقش کو وہ حضرات بالکل نہ کریں جو ناجائز فروشی کا کام کرتے ہوں بلکہ وہ افراد کریں جو شریف اور مہذب ہونے کے ساتھ معصوم ہوں اور ان کو کسی ظالم کے شر سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس نقش کو تین عدد سبز ریشمی کپڑے پر زعفران سے لکھیں ایک نقش کو اپنے گلے میں باندھے دوسرے نقش کو کسی جلیل القدر ولی اللہ کے مزار پر باندھے تیسرے نقش کو کسی ایسے مرد کی قبر پر باندھے جو ظلم کا شکار ہو کر قتل ہوا ہو پھر اس نقش کے اثرات خود اپنی آنکھوں سے ملاحظہ فرمالیجئے لیکن ہدایت کے طور پر سورۃ الناس شریف کا مسلسل ورد رکھے کیونکہ اگر اس عمل کے ساتھ اس سورۃ کا ورد نہ کیا گیا تو اس نقش کو پاس رکھنے والا کا ذہن ماؤف بھی ہو سکتا ہے اس لئے اس عمل کے ساتھ سورۃ شریف کا ورد بہت لازمی اور ضروری ہے۔

دشمن پر فتح یابی کے لئے

اگر کوئی دین کا دشمن نئے نئے طریقوں سے کسی بھلے مانس فرد کو تکلیف دیتا ہو تو اس تکسیر کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے کالی مرچوں کو پیس کر اس پر سورۃ الناس کو دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور ان مرچوں کو اس تکسیر کے اندر رکھ کر مٹی کی کلیا میں رکھ کر اسے آگ پر رکھیں اللہ کے حکم سے اگر ناجائز حرکات کرتا ہو گا تو اس علاقے کو چھوڑ کر کہیں اور بھاگ جائے گا اور اگر جائز ہو گا تو اس عمل کا اثر اس پر ہرگز نہیں ہو گا۔

دشمن پر فتح یابی کے لئے

اگر کسی آبادی میں کوئی ایسا دین کا دشمن بن گیا ہو جو اللہ کی مخلوق کے ساتھ دن بدن اور زیادہ سے زیادہ زیادتیاں کرتا ہوا اور دوسروں کی لاکھ اصلاح کرنے کے باوجود بھی باز نہ آتا ہو تو اس کو جائز سزا دینے کے لئے کانٹے دار درخت کے چند کانٹے اور اس کے مرجھائے پھول جو نیچے گرے ہوں ان پر اتوار کے دن زوال کے وقت سورۃ الناس کو اس دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں اور اسے دریا سے پانی لا کر کسی برتن میں بھر کر ان کانٹوں کو اس پانی میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں اور تیز آگ جلائیں تاکہ کانٹے زیادہ سے زیادہ گرم ہوں۔ جب تین دن گزر جائیں تو اس دشمن کی گزرگاہ میں ان کانٹوں سمیت پانی کو بھی گرا دیں یا اس کے گھر میں ان کانٹوں اور پانی کو ڈال دیں اللہ کے حکم سے وہ ظالم اللہ کی گرفت میں گرفتار ہو گا اور اللہ کی مخلوق کو سزا دینے کے قابل نہیں رہے گا۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے اچھی طرح سے سوچ لیں کہ یہ جائز ہو۔

دشمنی کے لئے

اگر اس بات کی تصدیق موجود ہو کہ یہ دو افراد مل کر خلق خدا کو گمراہ کرتے ہیں اور ان کا آپس میں ایک ہونا دوسرے افراد کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے تو اس عمل کو کرنے کی اجازت ہے ورنہ اگر اس عمل کو کسی شریف مرد پر کیا جائے تو ہو سکتا ہے کہ اس عمل کو کرنے والا خود اللہ کی گرفت میں گرفتار ہو جائے اس لئے اس عمل کو کرنے سے پہلے اس بات کی تصدیق کریں کہ ان کی جدائی سو افراد کو نقصانات سے بچا سکتی ہے۔ اس نقش کو کچی اینٹ پر اس وقت لکھیں جب چاند کم ہو رہا ہو اور اس کی تاریخ 26,25 یا 27 ہو۔ ان تین دنوں میں اس عمل کو کیا جا سکتا ہے۔ اینٹ پر اس نقش کو لکھ کر اس کے نیچے ان دو افراد اور ان کی والدہ کا نام ضرور لکھیں اور اپنا چھوٹا سا مقصد بھی تحریر کریں۔ پھر اس پر ان دو اشخاص کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ الناس شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور اس کا اثر چند دنوں میں دیکھنے کے لئے اس کو کالے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر ان دو افراد میں سے کسی ایک کے گھر میں دفن کریں یا ان کی گزرگاہ میں دفن کریں یا کسی پرانے قبرستان میں دفن کریں۔ اس عمل سے جلد اثرات سامنے آئیں گے اور اس کا آخری طریقہ اسے کسی نہر یا دریا میں پھینک دیں۔ اس کا اثر بھی دیر سے ہو گا کیونکہ جیسے جیسے اینٹ اس پانی میں گھلے گی۔ ویسے دو افراد کا آپس میں دل گھلے گا اور ایک وقت وہ بھی آئے گا کہ یہ دونوں ایک دوسرے کی شکل تک دیکھنا گوارہ نہیں کریں گے۔

دشمنی کے لئے

اگر کسی اسلام کے دشمن کا گھر تباہ و برباد کرنا ہو تو چوراہے سے چار عدد روڑا اٹھا

لائے اور عیسائیوں کے قبرستان سے ایک مٹھی مٹی پرانی قبروں سے لائے ان دونوں کو آپس میں ملا کر اس پر سورۃ الناس کو جس کا گھر تباہ و برباد کرنا ہو اس کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اسے کالے کپڑے میں لپیٹ کر دشمن کے گھر ایسی جگہ رکھے جہاں جھاڑو نہ دیا جاتا ہو چند دنوں کے اندر اندر اس کے گھر فتنہ وفساد برپا ہوگا اور تب تک یہ فتنہ برپا رہے گا جب تک اس عمل کو وہاں سے نکال نہ لیا جائے اس لئے اس عمل کو کرنے سے پہلے کافی مرتبہ سوچ سمجھ کر ایسا قدم اٹھائیں یہ عمل ہرگز خطا نہیں کرتا۔

دشمنی کے لئے

اگر جائز کسی دو اشخاص کے درمیان پھوٹ ڈلوانی ہو اور ان میں بغض وعداوت کا مطلب رکھتے ہوئے ایک انڈے پر ان اشکال کو ترتیب دے اور دو اشخاص کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ الناس کو 251 مرتبہ پڑھ کر اس انڈے پر دم کر کے اس کو ان دونوں کے درمیان دفن کر دے جہاں وہ دونوں بیٹھتے ہوں یا اس انڈے کو ان کے درمیان پھوڑ دے اللہ کے حکم سے وہ دونوں ہی چند دنوں میں اس عمل کی بدولت آپس میں بغض وعداوت رکھیں گے۔ اگر اس انڈے کو پھوڑ بھی نہ سکے تو اس انڈے کو کسی اجڑے ہوئے درخت کی جڑ میں دفنا دے اور وہاں پر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اللہ کے حکم سے جائز بغض وعداوت قبول ہوگی۔

دشمن کی بربادی کے لئے

اس عمل کو ناجائز ہرگز مت کریں اگر کوئی دین اسلام کا دشمن ہو تو تب یہ عمل جائز ہوگا۔ اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے پیپل کے سات پتوں پر علیحدہ علیحدہ

سورۃ الناس کو مفردات میں اس طرح لکھے اور بعد لکھنے کے اس دشمن کا نام مع والدہ کالی سیاہی سے لکھ کر جہاں سے دشمن پانی پیتا ہو اس کو پینے والی جگہ پر ڈال دے یا خود اس کو پانی میں ڈال کر اس کا اثر نکال کر اس پانی کو اس پانی میں جلائے جہاں سے دشمن پانی پیتا ہو اللہ کے حکم سے دشمن مقہور ہوگا۔ اس عمل کو سات دنوں تک کرے اگر اس عمل کے لئے پانی پلایا نہ جا سکے تو ان پتوں کو کسی کالے کپڑے میں رکھ کر دشمن کے گھر میں دفنا دے بحکم خدا دشمن روز بروز نئی سے نئی اذیتوں میں گرفتار ہوگا۔

ق ل اع وذ ب رب ال ن اس م ل ک ال ن اس ال ہ ال ن اس م ن ش ر ال
وس واس ال خ ن اس ال ذ ی ی وس وس ف ی ص دور ال ن اس من ن ال ج ن
ت وال ن اس ف س ی ک ف ی ک ہ م ال ل ہ وہ وال س م ی ع ال ع ل ی م۔

دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کسی کا دشمن اسے نئے وعجیب طریقوں سے اذیت کا نشانہ بناتا ہو تو اس تکبیر کو کالی سیاہی سے لکھ کر اس پر سورۃ الناس کو اپنے دشمن کا تصور باندھ کر 21 مرتبہ دم کرے اور اسے کسی بزرگ کے مزار پر دفن کر دے اور نقش کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد اور نام دشمن مع والدہ ضرور لکھے۔

دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کسی دشمن نے صرف اپنی جھوٹی انا کو منوانے کے لئے دوسروں کو پریشان کیا ہو تو ایک سودانے کالی مرچوں کے لا کر اس پر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ الناس کو 111 مرتبہ دم کرے اور انہیں کسی تیز آگ میں جلا دے دشمن اپنی بری

حرکات سے باز رہے گا اور اس تکسیر کو زعفران سے لکھ کر اس کے پیچھے اپنا مقصد اور دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دشمن اپنے کسی بھی برے ارادے میں کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ انشاء اللہ۔

دکان اور گھر سے رغبت ختم کرنے کے لئے

یہ عمل بھی ناجائز ہر گز نہ کیا جائے کیونکہ اس طرح کے اعمال کرنے کا مطلب اللہ کے غضب کو آواز دینے کے برابر ہے۔ اس لئے کوئی اسلام کا دشمن اپنے اوچھے ہتھکنڈوں سے کسی مسلمان کو اذیت دیتا ہو اور ہر مرتبہ اسے نقصان سے دوچار کرتا ہو تب اسی سلسلے کے پیش نظر اگر کسی دشمن کی ایذا رسانی کی خاطر اس کا کاروبار اس کے گھر سے متعلق بے عزتی کرنا فرض بن جائے اور اس عمل کو کرنے والا اللہ کا تابعدار ہو تو اس نقش کو مٹی کی ایک چھوٹی سی کلیا میں رکھے اور اس کے اوپر اور نیچے کالے ماش ڈال دے اور اسی کلیا پر سورۃ الناس کو دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق اور اس میں ان اعداد کا اضافہ کر کے اسی وقت پڑھ کر کلیا پر دم کر کے اگر دشمن کی دکان پر عمل کرنا ہو تو اس سفاک کے نام کے اعداد کے ساتھ ان اعداد کا اضافہ کر کے سورۃ الناس شریف پڑھے 81 اور اگر کسی کو گھر سے گمراہ کرنا ہو تو ان اعداد کا اضافہ رکھے 225 اور اس کلیا کو اور بعد دم کرنے کے مٹی کا ڈھکن دے کر اوپر آٹے کا لیپ کر دے اور دشمن کی دکان پر عمل نمبر 81 والا دفن کرے پھر دیکھے کہ اس جلالی عمل کی بدولت وہ دشمن کیسے چند دنوں میں ذلیل اور رسوا ہوتا ہے اور اس کا کاروبار کیسے تباہ و برباد ہوتا ہے۔ اس لئے اس عمل کو سوچ سمجھ کر کرنے کا قدم اٹھائیں۔

دشمن کی تسخیر کے لئے

اگر کسی کا عزیز یا کوئی رشتہ دار دشمن بن گیا ہو اور اس پر اپنا غلبہ پیدا کرنا صرف اس کی اصلاح کے لئے ہو تو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الناس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر ان کی طرف ان کا تصور باندھ کر پھونک مار دیا کرے اور اپنے اخلاق کو اچھا رکھا کرے اس عمل کو اپنی ناجائز اجارہ داری قائم کرنے کے لئے نہ کرے۔

دشمن کی تسخیر کے لئے

ایسے دشمن کو زیر کرنے کے لئے جو کسی بھی طرح نقصان پہنچانے سے باز نہ آتا ہو اور کسی قیمت پر بھی صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو بعد نماز عشاء ایک جگہ پر باوضو حالت میں تنہائی میں بیٹھے اور عمل کے دوران کوئی اس کے ساتھ گفتگو نہ کرے۔ نہ ہی یہ کسی سے کوئی بات کرے۔ اگر یہ عمل ترک حیوانات جلالی کے ساتھ پڑھا جائے تو سونے پر سہاگہ والی بات ہے۔ جلد اثر ہوگا۔ اگر ترک حیوانات نہ ہو سکے تو پھر جب تک چلہ مکمل نہ ہو مچھلی، انڈا، گوشت، لہسن اور پیاز وغیرہ نہ کھائے۔ اگر چلہ کے دوران مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو جائے تو پھر بھی چلہ پورا کرے اور اگر چلہ کے درمیان عمل کو چھوڑ دے گا تو عامل کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لئے چلہ کرنے سے قبل اس بات کا جائزہ اچھی طرح سے لے کہ وہ اس بوجھ کو اٹھا سکتا ہے کہ نہیں۔ نماز عشاء کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر عمل اس طرح سے شروع کرے کہ اول اکیس بار یہ درود شریف پڑھے۔

اللھم صلی علی سیدنا محمد رسول القھار یا قھار

بحق یا قهار اللهم صل علی سیدنا محمد رسول الجبار

اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔

اللهم صل علی سیدنا محمد ضربت لا اله الا الله برقلب او اللهم صل علی سیدنا محمد کرم حضرت ایوب علیهم السلام در بدن او اللهم صلی علی سیدنا محمد تیغ رجال الغیب در قتل او اللهم صل علی سیدنا محمد آره حضرت ذکریا علیه السلام برفرق او اللهم صل علی سیدنا محمد گرز حضرت امیر حمزه برپشت او اللهم صل علی سیدنا محمد عصائے حضرت موسیٰ علیه السلام برسینه او اللهم صل علی سیدنا محمد بحق یا قهار یا قهار یا قهار یا بدوح بدوح یا بدروح.

اس کے بعد ایک سو بار یہ پڑھے۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا فَتحَائِيلُ اٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ عِزْرَائِيلُ بِحَقِّ اَحيَيْنٰهَا اَخرجنَا بِنَاتًا فَمِنْهُ يَا كُلُوْنَ اقسمتُ عَلَيْكُمْ يَا طَاطَائِيلُ.

اس کے بعد سولہ بار اپنی حاجت بیان کرے پھر جب حاجت بیان کر چکے تو تین بار یہ پڑھے۔

اس کے بعد سولہ بار اپنی حاجت بیان کرے پھر جب حاجت بیان کر چکے تو تین بار یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَؤُفُ يَا عَطُوْفُ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (سَلَامٌ" قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ) (سورة یٰسین 36 آیت 58)

اس کے بعد سولہ بار یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْتِي مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا وَ فِتْنَتِهَا حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ" وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ) (سورة شوریٰ 42، آیت 11)

اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔

سَلَامٌ سَلِّمْنِي مِنْ عَقْدَةُ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اِسْرَافِيْلُ وَ ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ مِنْهَا يَاكُلُوْنَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا رَفْتَمَائِيْلُ بِحَقِّ وَ لَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَ مَشَارِبُ اَفَلَاحُ يَشْكُرُوْنَ.

اس کے بعد اکیس بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے جیسا کہ اس عمل میں درود شریف بتایا گیا ہے۔ درود شریف پڑھنے کے بعد دشمن کا نام مع اس کی والدہ کا نام لے کر یہ کہے یا الٰہی بحق یا بدروح خراب وخستہ ہو الٰہی بحق یا قہار مقہور ہو الٰہی بحق یا جبار جو کھادے فلاں بن فلاں یہاں پر دوبارہ نام لے اور اس کے بعد دوبارہ وضو کرے اور قبلہ رو بیٹھ کر سورۃ ناس کی بلند آواز سے تلاوت کرے۔ آواز صرف اس قدر بلند ہو کہ خود سنے یا پاس بیٹھا ہوا کوئی سن لے۔ بہت زیادہ بلند آواز کرنے کی ضرورت نہیں۔ سورۃ ناس پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے کہ یا اللہ میرے اس دشمن کو نیکی کی ہدایت فرما یا اسے میرے لئے زیر کر دے تاکہ مجھے کوئی

نقصان نہ پہنچا سکے۔ انشاء اللہ مطلوبہ مقصد میں کامیاب ہوگا۔

زبان بندی کے لئے

اگر کسی مرد وعورت کی زبان خاطر خواہ زیادہ چلتی ہو اور وہ اپنی اس زبان کے ذریعے دوسرے مسلمانوں کو اذیت دیتا ہو تو اس مقصد ونیت کا کامل دھیان رکھ کر روزانہ 11 مرتبہ سورۃ الناس شریف کو پڑھے اور اللہ سے اپنے اس مقصد کی دعا کرے اللہ نے چاہا تو وہ اپنی زبان پر ضرور قابو رکھے گا جو ناجائز زبان چلاتا ہوگا۔

زبان بندی کے لئے

اگر کوئی کسی کے خلاف بہت زیادہ زبان درازی کرتا ہو اور کسی بھی طرح اصلاح کرنے کے باوجود بھی باز نہ آتا ہو تو اس عمل کی عبارت کو لکڑی کی تختی پر کالی سیاہی سے لکھ کر اس کے نیچے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اسے جس کی زبان بندی کرنی ہو وہاں پر زمین میں دفن کردے اور اگر وہاں اس عمل کی عبارت کو دفنا نہ سکے تو اپنے گھر میں جہاں چولہا جلتا ہو وہاں اس کو دفن اس طریقے سے کرے کہ آگ سے جل نہ جائے اللہ کے حکم سے اس کی زبان بندی ہوگی۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْن مَلِكِ النَّاسِ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْن اِلٰهِ النَّاسِ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَمْكِرُوْن مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْن مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْن فلان بن فلان.

زبان بندی کے لئے

سورۃ الناس شریف کو اس فرد کا مکمل تصور باندھ کر روزانہ ہر فرض نماز کے بعد 70 مرتبہ پڑھے اللہ کے حکم سے اس فرد کی زبان بندی ہوگی جو زیادہ درازی کرتا ہوگا۔

زبان بندی کے لئے

اگر کوئی کسی کے متعلق بدزبانی کرتا ہو اور کسی بھی طریقے سے اس کی اصلاح نہ ہو رہی ہو تو اس فرد کے جسم کے پہنے ہوئے کپڑے کے کچھ دھاگے نکال کر پاک روئی اور اس پر سورۃ الناس شریف کو 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے وہ فرد کبھی بھی اس فرد کے خلاف بدزبانی نہیں کرے گا جو اس عمل کو کرے گا۔ انشاء اللہ۔

دست غیب کے لئے

اس نقش کو نوچندی جمعرات کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد جو بھی تحریر کرکے تعویذ کی طرح بند کرکے اپنے سر پر کسی ٹوپی یا پگڑی کی مدد سے سر پر باندھے اور اگلے دن پھر اسی نقش کو زعفران سے لکھ کر اسی عمل کو دہرائے اور پہلے نقش کو آٹے میں بند کرکے اس کی گولی بنائے اسی طرح اس عمل کو لگا تار چالیس دنوں تک کرے اور اکتالیسویں دن والا نقش اپنے پاس رکھے اور ان گولیوں کو دریا یا کسی تالاب میں مچھلیوں کو ڈالے تو اللہ کے حکم سے اس کو غیب کے ذریعے مال و دولت حاصل ہوگی۔

اس عمل کا کسی سے بھی ہرگز ذکر نہ کرے سریع التاثیر عمل مبارک ہے۔

فراخی رزق کے لئے

ہر روز نماز فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے یہ سورۃ 7 مرتبہ پڑھ کر روزی کی تلاش میں نکل جانے سے اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کے اسباب مہیا کرتا ہے اور اس کی روزی میں خیر و برکت عطا فرماتا ہے۔

فراخی رزق کے لئے

رزق میں زیادتی کے لئے تین سو بار سورۃ ناس پڑھ کر دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے رزق میں بے پناہ برکت پیدا ہوگی۔

فراخی رزق کے لئے

اگر کوئی بھی رزق کی تنگی سے پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو اور اس نقش مبارک کا اثر دیکھنے کے لئے نوچندی جمعرات والے دن روزہ رکھے اور اس روزے کی سحری و افطاری نمک اور پانی سے کرے اور نماز فجر اور بعد نماز عشاء سورۃ الناس کو 111 مرتبہ پڑھے اس عمل کو صرف نماز فجر کے بعد پڑھے اور بعد از نماز عشاء اسی عمل کو پڑھنے سے پہلے نقش کو لکھ کر پاس رکھ لے اور عمل پڑھنا شروع کرے۔ جب عمل کو پڑھ لے تو اس لکھے ہوئے نقش پر دم کرے اور اسے اپنے بازو پر باندھے یا اگر بازو پر نہ باندھ سکے تو اسے اپنے کاروباری مرکز پر قبلہ رخ لگائے اور ہر جمعرات کو اسی عمل کو روزہ رکھ کر کیا کرے اللہ کے حکم سے رزق میں زیادہ کثرت پیدا

ہوگی اور ہر طرح کی بندش دور ہوگی۔ انشاء اللہ۔

فراخی رزق کے لئے

اگر کوئی بھی رزق کو فراخ کرنے کے لئے سورۃ الناس کو نماز فجر میں سنتوں اور فرضوں کے درمیان 41 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو اس کلام پاک کے صدقے میں اس کے رزق میں فراخی کے لئے غیب سے وسائل پیدا ہوں گے اور اس کا کاروبار کسی بھی مندے کا شکار نہیں ہوگا۔

کشائش رزق کے لئے

اگر کسی کا کسی نے سفلی علم کے ذریعے رزق تنگ کر دیا ہو تو اس سورۃ کو نئے چاند کی چڑھائی کے پہلے جمعہ سے آخری جمعہ تک بعد مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو تاحیات جاری رکھے اللہ کے حکم سے اس کا رزق کبھی بھی تنگ نہیں ہوگا اور دن بدن اس کے رزق میں اضافہ ہوگا اور آئندہ کے لئے رزق کی فراخی کے لئے اس کے غیب سے وسائل بنتے رہیں گے۔ انشاء اللہ۔

کاروبار میں برکت کے لئے

اگر کسی فرد کی اپنے مال کو زیادہ کرنے کی خواہش ہو تو وہ سورۃ شریف کو زعفران سے لکھ کر اپنے کاروباری مقام پر لگائے اللہ کے حکم سے اس دکان کے گاہکوں میں زیادہ کثرت ہوگی اور اگر کوئی چل پھر کر اپنا مال فروخت کرتا ہو تو اسی طرح اس کو لکھ کر اپنی جیب میں ڈال کر پھرے تو اس کا کام زیادہ چلے گا اور زیادہ سے زیادہ مال فروخت

ہوگا۔ اگر اسی طریقہ کو لکھ کر کوئی اپنے گلے میں باندھے تو اس پر کوئی بھی غیر انسانی مخلوق مسلط نہیں ہو سکے گی۔ سحر کو دفع کرنے کے لئے اس کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر پانی سے گھول کر مٹا کر پی لینے والے پر کبھی سحر نہیں ہو سکتا اور نہ ہی کوئی جادو ٹونہ اگر اس کو شیر کی کھال پر لکھ کر اپنے گلے میں پہنے تو اس کے دشمن اس فرد سے خوف کھائیں گے۔ اگر کوئی اسے کسی ایک یا دو روپے والے نوٹ پر زعفران سے لکھ کر اپنی جیب میں ڈال لے تو اس کی جیب کبھی بھی نوٹوں سے خالی نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ اگر کسی کو بدنظری کی شکایت ہو تو وہ زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور ہر طرح کی تکلیف سے بچنے کے لئے اس کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ق ل اع وذ ب رب ال ن اس م ل ک ال ن اس ال ہ ا ل ن اس م ن ش رال وس واس ال خ ن اس ال ذ ی ی وس وس ف ی ص دو رال ن ا س م ن ال ج ن ت ہ وال ن اس۔

دولت میں ترقی کے لئے

اگر کسی فرد کی دولت میں برکت نہ رہی ہو تو وہ بروز اتوار یا منگل اس باغ میں جائے جہاں انار کا پودا ہو پھر اس کے وہ پھول توڑے جن کا رخ مشرق کی طرف ہو پھولوں کو توڑنے والا عمل بھی سورۃ الناس کو پڑھ کر توڑے اور کسی سفید رومال میں رکھ کر گھر لا کر سورۃ الناس کو اس طریقے سے پڑھے اور ان پھولوں کو بعد اس عمل کے اسی کپڑے میں رکھ کر اس پر موتیے کا عطر لگا کر دم کر کے جہاں روپے رکھنے کی جگہ ہو وہاں پر رکھ دے اللہ کے حکم سے اگر اس میں ایک روپیہ بھی ہوگا تو اس میں اتنی برکت ہوگی جو ایک سو روپے کی حیثیت رکھتا ہوگا۔ انشاء اللہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ يَا طَاهِمِيْرُ يَا طَاهِمِيْرُ وَ بِحَقِّ جِبْرَائِيْلُ عِزْرَائِيْلُ مِيْكَائِيْلُ اِسْرَافِيْلُ هَشْمَائِيْلُ كَشْمَائِيْلُ مَشْمَائِيْلُ وَ بِحَقِّ قُلْ اگر ہو سکے تو اس عبارت کو جس کپڑے میں پھول رکھے ہوں اس پر زعفران سے لکھ کر رکھے مال و دولت چوری سے محفوظ رہیں گے اور ان میں برکت ہوگی۔ انشاء اللہ۔

عہدے میں ترقی کے لئے

کوئی بھی اپنی ترقی اور اونچے عہدے پر فائز ہونے کے لئے تا حصول مقصد روزانہ ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الناس کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور اس کتاب میں سے جو نقش سعد ہو اسے زعفران سے لکھ کر اپنے اس مقصد کی خاطر اپنے گلے میں باندھے اللہ اس کو فتح دے گا۔

مریض کی حاضرات کے لئے

اگر کسی پر جادو ٹونہ یا بھوت پریت کی حاضری کرنی ہو تو رات کو بعد نماز عشاء سورۃ الناس شریف کو 101 مرتبہ پڑھے اور دوران پڑھائی اپنی آنکھیں بند رکھے اس عمل کو کم از کم چالیس دنوں تک برابر کرتے رہیں اس عمل کو کر لینے کے بعد جس پر بھی حاضری کرنی ہو تو گلاب کے پھولوں کا ایک ہار منگوا کر مریض کی آنکھیں بند کروا کر ہر پھول پر سورۃ الناس شریف کو 11 مرتبہ پڑھے اور اس مریض کو یہ دم شدہ پھول

مارے مریض پر جو بھی شے مسلط ہوگی وہ حاضر ہوگی اگر ایک دو پھولوں پر حاضری نہ ہو تو اس کو تمام پھولوں پر اسی طریقے کے مطابق دم کر کے مارتا جائے اللہ کے حکم سے حاضری ہوگی اور اس مریض کے اس مرض میں مبتلا ہونے سے لے کر اس کی شفاء تک تمام حالات و واقعات کو بتایا جائے گا پھر جو بھی اس عمل کی بدولت بتایا جائے اس پر عمل کریں مریض اللہ کے حکم سے بالکل ٹھیک ہوگا۔ انشاء اللہ۔

آسیب زدہ مکان یا دکان کے لئے

اگر کسی گھر یا دکان میں آسیب کے اثرات پائے جائیں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس پانی کے چھینٹے اس گھر میں لگائیں اور ایک عدد زائد لکھ کر اسے اس مقام پر فریم کروا کر لگائیں اللہ کے حکم سے یا تو آسیب بھاگ جائے گا یا جل جائے گا۔ انشاء اللہ۔

گھر کو جنات یا جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی کے گھر میں جادو ٹونہ یا کسی جن کا قبضہ ہو اور وہ کسی بھی طریقے سے جان نہ چھوڑتا ہو تو ایک عدد تانبے کا ٹکڑا لا کر اس پر سورۃ الناس شریف کو مکمل لکھے اور اس پر سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 102 بھی لکھے پھر اس ٹکڑے کو پانی والے مٹکے میں ڈال کر اس پانی کا چھڑکاؤ اپنے گھر کے کونوں میں کرے اللہ کے حکم سے جادو اور جنات کا قبضہ وہاں سے ختم ہوگا اور پھر اسی کتاب میں سے اس مقصد کا کوئی نقش زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گھر میں لگائے۔ اللہ فضل فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔

جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر جادو یا سحر کے اثرات پائے جائیں تو پانچ مختلف نلکوں کا پانی اور اس میں دریا کا پانی ملا کر اس پر سورۃ الناس شریف کو 70 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس مریض کو صبح نہار منہ یہ پانی پلائیں اللہ کے حکم سے شفا ہوگی اگر جادو پرانا ہو گیا ہو اور اس علاج سے کوئی فرق نہ پڑے تو جو فرد حقہ استعمال کرتا ہو اسے حقے کا پانی لا کر اس پر سورۃ الناس کو اسی تعداد سے پڑھ کر دم کریں اور مریض کو اس پانی سے غسل دیں اور ساتھ ہی پہلے والا عمل جاری رکھیں۔

جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر جادو یا سحر کے اثرات پائے جائیں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس کے اندر چند الائچیوں کو ڈال کر تعویذ کی شکل میں اپنے گلے میں باندھے اور تازے پانی پر سورۃ الناس کو 21 مرتبہ پڑھ کر اسے اسی وقت پی لیا کرے اللہ کے حکم سے اس دم شدہ پانی اور نقش کی بدولت ہر قسم کا جادو باطل ہوگا یا شیشے کا اتنا بڑا ٹکڑا لیا جائے جس پر یہ نقش با آسانی تحریر ہو سکے اس پر اس نقش کو روشنائی سے لکھا جائے اور اس پانی میں ڈال دے پھر گاہے بگاہے اس میں سے پانی پیا کرے اللہ کے فضل سے ہر جادو سحر باطل ہوگا۔ انشاء اللہ۔

جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی نے اپنے سفلی علم و جادو ٹونہ کے ذریعے کسی مرد کو بستہ کیا ہو اور وہ اپنی

عورت سے جماع کرنے کے بھی قابل نہ رہا ہو تو اس نقش کو چار عدد زعفران سے لکھے ایک اپنے گلے میں باندھے دو نقش کو اپنے بازوؤں پر باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر صبح نہار منہ اس پانی کو استعمال کیا کرے اگر اس عمل میں زیادہ طاقت پیدا کرنی ہو تو اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر اس پر شہد ڈال کر اسے چاٹے اس عمل کو صبح نہار منہ کیا کرے۔ اللہ کرم فرمائے گا۔

جادو سے نجات کے لئے

اگر کوئی عامل اپنے سفلی علوم سے کسی نہ کسی کو سزا دیتا ہو اور اللہ کی مخلوق پر ظلم کرتا ہو تو کسی طریقے سے اس عامل کے پہننے والے کپڑے کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا حاصل کرے اور اس پر گیارہ دنوں تک روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ الناس شریف کو اس عامل کے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھے اور گیارہ دن گزرنے کے بعد اسے کسی پرانے قبرستان میں پرانی قبر کے اندر سر کی طرف دفن کردے۔ اس عامل کا عمل ہر لحاظ سے باطل ہوگا۔ اگر اس عامل کا عمل باطل کرنے کے علاوہ اسے کسی اذیت کا نشانہ بنانا ہو تو اس کپڑے کو دفن مت کریں اور روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ شریف کو اسی تعداد سے پڑھ کر صرف دم کر کے اپنے پاس رکھیں۔ عامل دن بدن کرب ناک اذیتوں کا شکار ہوگا اور اس کا کوئی بھی طریقہ کارگر نہیں ہوگا لیکن اس عمل کو کرنے سے پہلے اس بات کا خیال ضرور رکھیں کہ عامل اگر اللہ کی مخلوق کو پریشان کرتا ہو، تب یہ عمل کریں اور اگر اس عمل کو ناجائز کیا گیا تو یہ بات ضرور یاد رکھیں کہ کرنے والا فرد خود اس مصیبت میں گرفتار ہوگا جس میں وہ اس عامل کو دیکھنا چاہتا ہے اور اس قسم کے اعمال کے الٹ اثرات کا کوئی علاج نہیں ہوتا اس لئے اچھی طرح سوچ سمجھ کر ایسے اعمال کرنے چاہئیں۔

جادو سے نجات کے لئے

اس سورۃ کے مخفی اثرات اور اس سے کام لینے کے لئے اگر کوئی مرد یا خاتون اس سے مستفید ہونا چاہئے تو چاند کے چڑھنے پر جو پہلا اتوار آئے اس دن سے سورۃ الناس کو اکیس دنوں تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے پھر وہ ان کاموں میں اس سورۃ سے کام لے سکے گا۔ ہر قسم کا جادو، سحر، ارواح خبیثہ، ڈائن، مسان، بھوت، پریت اور سفلی علوم کے اندر جتنے بھی خواص ہوتے ہیں ان سب کو اس کے ذریعے اس طرح باطل کیا جا سکتا ہے کہ جو فرد اس مرض میں مبتلا ہو اس کو اپنے سامنے بٹھا کر سورۃ شریف کو پڑھنا شروع کردیں۔ اس پر سفلی علم جس نوعیت پر کیا گیا ہوگا وہ اس پر کسی نہ کسی طریقہ سے حاضر ہوتا رہے گا لیکن کسی پر بھی اس عمل کو کرنے سے پہلے کالے ماش اور ایک چھوٹی سی کوری ہانڈی لا کر رکھ لیں۔ اس مریض پر اکتالیس مرتبہ سورۃ شریف کو پڑھ کر دم کریں اور ان کالے ماش کو اس ہانڈی میں ڈال کر مریض کے سر پر سے سات چکر دے کر اتاریں اور اسے چلتے پانی میں بہا دیں۔ اللہ کے حکم سے مریض اس عمل کے بعد اپنے اندر واضح فرق محسوس کرے گا اور پھر اسی کتاب کے اندر سے کوئی اس مقصد کا نقش زعفران سے لکھ کر اس مریض کے گلے میں پہنائیں اللہ کے حکم سے یہ عمل تمام قسم کے جادو ٹونے کو باطل کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

مسان سے نجات کے لئے

اگر کسی کو مسان کھلا دیئے ہوں تو اس نقش کو پانچ عدد زعفران سے لکھیں اور جو بھی مریض ہو اس کی چارپائی یا جہاں وہ سوتا ہو ان چاروں کو چارپائی پر باندھے اور

پانچویں نقش کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے بفضل اللہ مسان کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اگر اثر نہ ہوتو ایک عدد پھر نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی استعمال کریں۔ مسان جسم کے اندر ہی جل کر راکھ ہو جائیں گے۔

جسم پر کیے گئے جادو سے نجات

اگر کسی پر بہت سخت جادو کیا گیا ہو جس سے وہ دن بدن کربناک اذیتوں کا نشانہ بن گیا ہوتو ان تمام نقوش کو بالکل سفید رنگ کے مرغ کے خون سے لکھ کر مریض اپنے گلے میں باندھے اور روزانہ بیس دنوں تک ان نقوش کو علیحدہ علیحدہ زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اسی مقررہ دن کی صبح سے لے کر شام تک ختم کر دے اور اگلے دن نیا نقش لکھ کر شام یا رات کو ختم کر کے اگلا نقش نیا تحریر کرے اور اس تمام عمل کو بروز اتوار شروع کرے۔ اللہ کے حکم سے ان بیس دنوں کے اندر اندر بڑے سے بڑے جادو کا جڑ سے مکمل خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

جسم پر کیے گئے جادو سے نجات

اگر کسی مرد یا خاتون کو جسم میں ایسے درد ہونا شروع ہو جائیں جن کا کوئی نام اور علاج موجود نہ ہوتو اس روحانی عمل کی بدولت اللہ اپنا فضل فرمائے گا اور درد کبھی نہیں ہوگا۔ جس کے جس حصہ میں زیادہ درد ہو رہا ہوتو ایک عدد روٹی کو کچا پکا پکائیں اور اس پر سورۃ الناس کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر درد والے حصے پر پھیرنا شروع کریں اور کچھ دیر اس عمل کے بعد اگر مریض کوئی خاتون ہوتو یہ روٹی کسی کو کھلائیں اور اگر مرد ہوتو کسی کتے کو اللہ کے حکم سے سفلی علوم کے ذریعے دیئے ہوئے دردوں کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاملہ پر کیے گئے جادو سے نجات

اگر کسی خاتون پر سفلی علم کے اثرات پائے جائیں یعنی اس عورت کا آپریشن کرنے والے صاحبان خود بھی حیران ہوں کہ اس عورت کا آپریشن نہیں ہوسکتا اور کسی وجہ سے صورت حال آپریشن کی ہی بن گئی ہوتو اس عبارت کو لکھ کر پانی میں ڈال کر اس حاملہ کو اس کا پانی بھی پلایا جائے اور اس کو نقش کے طور پر زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھا جائے اللہ کے حکم سے اسی وقت اس عورت پر کیے گئے سفلی علم کا خاتمہ ہوگا۔ پھر بعد ولادت اس نقش کو بچے کے گلے میں پہنایا جائے اللہ کرم فرمائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ مِنَ الۡجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ وَبِحَقِّ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا رَسُوۡلَ اللّٰه (سورۃ حشر 59 آیت 22 سے 24)

نظر بد سے نجات کے لئے

اگر کسی کو بار بار بدنظری کی شکایت ہوتو کچھ مقدار میں شہد لا کر تین دن تک اس شہد پر سورۃ الناس کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس شہد کو دن میں کافی مرتبہ استعمال کریں بفضل خدا بدنظری کا مکمل خاتمہ ہوگا اور کچھ مقدار میں کالی مرچیں لا کر رکھ لیں اس میں سے دن کے تین حصوں میں سات دانے نکال کر سورۃ الناس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے سر سے سات مرتبہ چکر دے کر آگ پر رکھیں اس عمل کو

مقصد کے حصول تک جاری رکھیں۔اللہ ضرور شفاء دے گا۔

نظر بد سے نجات کے لئے

اگر اس نقش کو کالے رنگ کے کپڑے پر سنہری روشنائی سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو اللہ کے حکم سے اسے کبھی بھی بدنظری کی شکایت نہیں ہوگی اس کے علاوہ اس نقش کو اسی طریقے سے لکھ کر جادو،ٹونہ، مسان، آسیب، سایہ والے کے گلے میں باندھ دیا جائے تو ہر قسم کا جدو ٹونہ اور ہر طرح کی قباحتوں سے محفوظ ہوگا۔اس کا دہرا اثر کرنے کے لئے اس نقش کو پھر سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر اس کا پانی پیئے تو اس عمل میں دہرا اثر پیدا ہوگا اور اس مقصد میں سو فیصد مکمل کامیابی ہوگی۔

آفات وبلیات کے لئے

اور صاحب وظیفہ کریمہ اس طریق سے پڑھنے کا یہ فائدہ بیان کرتے ہیں کہ پڑھنے والے کو کوئی بلا نہ پہنچے اور جان و مال، دین، دنیا لڑکے بالے اس کے سب اللہ کے فضل وکرم سے محفوظ رہیں اور بعض خواص ان دونوں سورتوں سے یہ بھی ہے کہ جو شخص ان کو لکھ کر لڑکوں کے گلے میں ڈال دے تو وہ اثر جنات سے اور گزندگی حشرات الارض سے محفوظ رہیں گے۔(مجربات دیربی)

آفات وبلیات کے لئے

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے معمولات سے تھا کہ بعد فریضہ

جمعہ فاتحہ، اخلاص، فلق اور ناس ہر ایک سات سات مرتبہ پڑھتے تھے۔(مقامات ربانی)

تشخیص مرض کے لئے

اگر کسی کو ایسا مرض لاحق ہو جس کا نہ تو مرض سمجھ میں آ رہا ہو اور نہ ہی کوئی دوا اثر کر رہی ہو تو سورۃ الناس کو فجر کی نماز کی اذان کے فوراً بعد سو مرتبہ پڑھے اور پانی بھی رکھے جب اچھی طرح سے مراقبہ کی حالت میں اس طرح پڑھ لے تو اس پانی پر دم کر کے اس مریض کو یہ پانی پلائے اللہ کے حکم سے یہ دم شدہ پانی طلسماتی طور پر اپنا اثر دکھائے گا اور اس عمل سے یا تو مرض کھل کر سامنے آئے گا یا اس کا خفیہ علاج ہی ہو جائے گا اس طرح اگر مریض اس پانی سے شفاء محسوس کرے تو اس کو روزانہ اسی طرح اپنی آنکھیں بند کر کے مراقبہ کی حالت میں سورۃ الناس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے اللہ اپنا کرم فرمائے گا۔انشاء اللہ۔

وبائی امراض کے لئے

جس جگہ پر وبائی امراض کا حملہ ہو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اس جگہ پر لگائیں جہاں وبائی امراض کثرت سے پھیلتی ہوں اور ایک عدد پھر زعفران سے لکھ کر اسے پانی کے مٹکے میں ڈال کر اس پانی کے چھینٹے اس جگہ پر لگائیں اللہ کے حکم سے گھر تمام قسم کی وبائی امراض سے محفوظ ہوگا۔

ہر بیماری کے لئے

تمام اقسام کی بیماریوں کے لئے اس نقش کو زعفران سے لکھ لینے کے بعد اللہ کے نام کا ختم دلوائیں اور اس پر گلاب کا عطر لگا کر اسے اپنے گلے میں باندھے اگر کسی کو

اندرونی امراض ہوں خواہ یہ کوئی بڑا مرض ہی کیوں نہ ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے زیتون کے تیل میں ڈالے اور برتن اتنا ہی بڑا ہو کہ کاغذ کو رکھ لینے کے بعد یہ چھوٹا نہ ہو بلکہ یہ نقش اس برتن میں کھلی ہوئی آسانی سے آجائے پھر اس تیل کو کسی مخصوص وقت میں اپنے جسم پر مالش کریں اللہ کے حکم سے اندرونی تمام امراض کا خاتمہ ہوگا۔

ہر بیماری کے لئے

اگر کوئی ایسا مرض لاحق ہو جائے جس سے ڈاکٹر و حکیم حضرات عاجز آچکے ہوں تو جب بارش ہو اس پانی کو کسی پاک برتن میں حاصل کریں اور اس پر سورة الناس شریف کو 111 مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھیں اور مریض کو صبح نہار منہ یہ پانی پینے کے لئے دیں لیکن اس میں اور پانی نہ ڈالیں بس جتنا پانی ہو اسے استعمال کر کے ختم کر دیں۔ بفضل اللہ لاعلاج مرض درست ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

ہر بیماری کے لئے

اگر کسی کو مخصوص حصہ میں ہر وقت درد رہتا ہو تو پاک روئی پر تھوڑا سا عطر لگا کر اس پر سورة الناس شریف کو اپنے نام کے حروف کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اس جگہ پر پھیرے اور اس عمل کو دن میں کئی مرتبہ دہرائے اس عمل مبارک سے ایک دن وہ بھی آئے گا کہ درد کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ ہر حال میں اس عمل پر ڈیوٹی دینے سے مرض کا خاتمہ ہوگا۔

درد شقیقہ کے لئے

جس کسی کو بھی آدھے سر میں درد رہنے کی شکایت ہو تو وہ اس نقش کو دو عدد

زعفران سے لکھے ایک کو اپنے سر پر کسی (پن) کی مدد سے باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا روزانہ صبح نہار منہ پانی پیا کرے۔ اللہ کے حکم سے آدھے سر کا درد جڑ سے ختم ہوگا۔

درد شقیقہ کے لئے

درد شقیقہ کے مکمل خاتمے کے لئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیا جائے اور ایک عدد اپنی کنپٹیوں پر پھیرا جائے بفضل اللہ درد شقیقہ کا خاتمہ ہوگا۔

سر درد کا لاجواب دم

اگر کسی کو سر میں درد رہنے کی شکایت ہو تو سادی روئی پر سورة الناس کو کم از کم گیارہ مرتبہ دم کر کے اسے دو حصوں میں تقسیم کریں اور ایک ایک حصہ دونوں کانوں میں ڈال لے اور اس عمل کو گیارہ دنوں تک کرے۔ بفضل خدا سر درد سے مکمل نجات ہوگی۔ انشاء اللہ۔

شدید بخار کے لئے

اگر کوئی ایسے مرض میں مبتلا ہو جائے جس کا علاج ناممکن ہو گیا ہو اور کسی بھی علاج سے شفاء نہ مل رہی ہو تو اس عمل کو کرنے کے دو طریقے ہیں۔ اپنے موقع کی مناسبت سے اس کو عمل میں لائیں۔ اللہ کے حکم سے کوئی ایسی بیماری نہیں ہوگی جو ختم نہ ہو پہلا عمل اس طرح جس طرح مذکورہ دنوں کے حساب سے بار بار درج کیا گیا ہو اور

دوسرا طریقہ اس نقوش کو دنوں کی ترتیب سے روزانہ لکھ کر گلاب کے عرق میں تازہ ڈال کر اس عرق کو صبح نہار منہ پئیں اور آئندہ اگلے روز اس نقش کو نکال کر کسی پاک جگہ رکھیں اور پھر نیا نقش لکھ کر استعمال میں لائیں اللہ کے فضل واحسان سے اگر بڑے سے بڑا لاعلاج کینسر بھی ہوگا تو اس عمل پاک کی بدولت ایسے ٹھیک ہوگا جیسے یہ مرض پہلے نہیں تھا لیکن اس عمل کو کرنے کے وقت اور اس عمل کو کرنے سے پہلے کامل یقین بہت ضروری ہے بلکہ ہر عمل میں جب تک اس عمل کے متعلق ایمان مضبوط نہیں ہوگا کوئی بھی عمل اثر نہیں کرے گا اس لئے کہ اس پر کسی کا یقین نہیں رہے گا اور جتنا ایمان کامل ہوگا کام اتنی جلدی اور آسانی سے ہوگا اس لئے اس کتاب کے علاوہ بھی اگر کوئی عمل کرنے کا موقع ملے تو اپنے ایمان کو مضبوط رکھیں۔

تپ ولرزہ کے لئے

اگر کسی کو تپ ولرزے کا عارضہ لاحق ہوگیا ہو تو روزانہ اس نقش کو جب بھی فرصت ہو تو تانبے یا چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر رکھ لے اور اس پر گاہے بگاہے شہد ڈال کر چاٹتا رہے اس مرض سے مکمل صحت یابی ہوگی۔ انشاء اللہ۔

احساس کمتری کے لئے

اگر کوئی احساس کمتری کا شکار ہوگیا ہو زندگی کے ہر میدان میں اپنی اس کمزوری سے ہارتا ہی جائے تو ایک نقش کو اپنے بازو پر باندھے اور ایک کو چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر اس پر شہد ڈال کر اسے صبح نہار منہ چاٹے کم از کم اس عمل کو 21 دنوں تک کیا جائے اللہ کے فضل واحسان سے احساس کمتری کا شکار ہونا بند ہوگا۔

مرگی کے لئے

اگر مرگی کا کسی بھی طریقے سے علاج نہ ہو رہا ہو تو ان نقوش کو دنوں کی ترتیب سے بیس دنوں تک صبح نہار منہ پئے اور ان نقوش کو سفید مرغ کے خون سے دنوں کی ترتیب سے درج کر کے آخری روز ان تمام نقوش کو تعویذ کی شکل میں مریض اپنے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے مرگی کا مرض جڑ سے ختم ہوگا۔

چہرے کی خوبصورتی اور کشش کے لئے

اگر کسی کا چہرہ بدنما اور بھدہ ہو یا چہرے پر کیل مہاسے نکل آنے سے چہرے پر داغ پڑ گئے ہوں تو وہ ان نقوش کو علیحدہ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر زعفران سے لکھے اور اسے کچے دودھ میں ڈال کر روئی کی مدد سے روزانہ بیس دنوں تک صبح نہار منہ اپنے چہرے پر اس کی مالش کرے اور آخری دن ان نقوش کو لکھتے لکھتے جب دن بھی پورے ہو جائیں تو ان کو اپنے گلے میں تعویذ کی شکل میں باندھے اللہ کے حکم سے ان کے چہرے پر واضح نور پایا جائے گا۔ انشاء اللہ۔

چہرے کی خوب صورتی اور کشش کے لئے

اگر کسی کے بھی منہ پر دانے نکل آئے ہوں یا کسی کا چہرہ ویسے ہی بے رونق ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے دودھ میں ڈال کر اس دودھ کی مالش اپنے چہرے پر کیا کرے اور اس کا ذکر کسی سے بھی نہ کرے اللہ کے حکم سے چہرے پر نمایاں رونق پیدا ہوگی۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا ان میں درد رہتا ہو یا پڑبال، موتیا ہو ان تمام امراض سے چھٹکارہ پانے کے لئے اس نقش کو تازہ پانی میں گھول کر رکھے اور کسی پاک برتن میں اس پانی سے آنکھوں میں چھینٹے لگائے اور اس پانی کی بے ادبی نہ کرے نقش کو زعفران سے لکھے۔

نکسیر کے لئے

اگر کسی مرد و خاتون کی نکسیر جاری ہوگئی ہو اور کسی بھی طریقہ سے بند نہ ہوتی ہو تو کچھ پاک روئی لے کر اس پر سورۃ الناس شریف کو 21 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ناک کے اندر بتی کی شکل میں اندر تک گھسادے اللہ کے حکم سے نکسیر بند ہوگی۔ اگر ایک مرتبہ اس عمل سے فائدہ نہ ہو تو مقصد کے حصول تک اسی عمل کو جاری رکھے اللہ ضرور شفاء دے گا۔ انشاء اللہ۔

ریشہ و بلغم کے لئے

اگر کسی مرد و عورت کو ریشہ و بلغم کی شکایت ہو اور کسی بھی علاج سے فائدہ نہ ملتا ہو تو اس نقش کو تین عدد صبح سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد لکھے اور نقش کو اپنے کھانے والے نمک میں رکھ دے اور سالن سے لے کر چاٹنے تک اسی نمک کو استعمال کیا جائے ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور ایک نقش کو پانی میں ڈال دے اور ہر وقت اسی پانی کو پیا کرے اللہ کے حکم سے ریشہ و بلغم کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ یہ علاج مجرب روحانی علاج میں

سے ہے۔

گلے کی سوزش کے لئے

اگر کسی کا خلاف توقع گلا سوجھ جائے اور کسی بھی دوائی یا علاج سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو سفید کپڑے کی ایک پٹی کاٹ لے جو گلے میں با آسانی باندھی جاسکے پھر اس پر سورۃ الناس شریف کو 21 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پر تازے پانی کے چھینٹے لگائے اور اسے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے گلے کی سوزش کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ مقصد کے حصول تک عمل کو جاری رکھا جائے۔

پیٹ کی بیماریوں کے لئے

اگر پیٹ میں ہر وقت کسی بھی وجہ سے درد رہتا ہو یا اکثر گیس رہنے کی شکایت ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق میں ڈال کر اس کو صبح نہار منہ پی لیا کرے اللہ کے حکم سے پیٹ کے جتنے بھی امراض ہوں گے اس روحانی علاج سے درست ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

دل کی بیماریوں سے نجات

اگر کوئی مرد یا خاتون دل کے عارضے میں مبتلا ہو اور اس کا صحیح علاج نہ ہو رہا ہو تو ان نقوش کو اسی طرح دنوں کی ترتیب سے لکھ کر استعمال میں لائیں اور گلے میں باندھنے والے نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض اپنا نام اور شفاء کی ایک درخواست لکھ کر اس کو چپکنے والی ٹیپ کی مدد اپنے دل کے مقام پر لگائے اللہ کے فضل سے یہ عمل اپنا اثر

دکھائے بغیر نہیں رہے گا۔ انشاء اللہ۔

ہول دل کے لئے

اگر کوئی مرد یا خاتون دل کے امراض میں مبتلا ہو اور اسے کسی بھی علاج سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو اس روحانی نورانی نقش سے اللہ کے فضل سے اسے ضرور شفا ہوگی۔ اس نقش کو کسی سنار سے چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر بغیر کسی شے سے کروانے کے اسی کو مروڑ کر اس کے اندر سرخ ڈوری ڈال کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور ایک عدد کو زعفران سے لکھ کر اسے پانی میں گھول کر اس کا صبح نہار منہ پانی پیا جائے اللہ فضل فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔

درد ناف کے لئے

اگر کسی کو ناف ٹل جانے کی شکایت ہو اور کسی بھی دوا یا دم سے آرام نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنی ناف کے مقام پر باندھے اللہ کے حکم سے ناف ٹلنے کا عارضہ ختم ہوگا اور پھر بھی فرق نہ پڑے تو اس کو ایک عدد زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے۔

جنسی کشش کے لئے

اگر کسی مرد عورت کے چہرہ پر کشش نہ ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الناس کو 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے منہ پر پھیر لیا کرے اور اس عمل کو کرنے سے پہلے اپنے آپ کو اچھی طرح آئینے میں دیکھ لے اور پھر بعد میں بھی اس

کا اثر خود دیکھ لے اللہ کے فضل سے چہرے پر ایسی کشش ضرور پیدا ہوگی کہ دیکھنے والا خود صاحب عمل کے پیچھے پھرے گا۔

عورت کی مرد سے بے رغبتی ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی کنواری لڑکی شادی سے نفرت کرتی ہو تو اس کی اصلاح کرنے کے لئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی اس لڑکی کو پلائے اللہ کے حکم سے لڑکی شادی کی خواہش کرے گی اگر کسی لڑکی کا رشتہ اچھی جگہ طے نہ ہوتا ہو تو حرمل و گوگل کو آپس میں ملا کر توے پر کوئلے سلگائیں لیکن اس پر پہلے 41 مرتبہ سورۃ الناس شریف کو پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر لڑکی اپنے گلے یا اپنے الٹے بازو پر باندھے یہ عمل ایک وقت میں دو جگہ پر کام دے سکتا ہے۔

مرد میں زنانہ پن ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی مرد اپنے عزت و وقار کو نہ سمجھے اور اس کی اس حرکت سے گھر والے پریشان رہتے ہوں۔ تو ان نقوش کو زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اور جن نقوش کو پلایا جائے وہ سرخ روشنائی سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کو اس کی بے خبری میں پلاتے رہیں۔

اگر یہ نقش گلے میں نہ باندھے تو جس کاغذ پر اس نقوش کو لکھا ہو اس کے پچھلی طرف اس کا نام اور اپنا مقصد لکھ کر اس کو کسی جلیل القدر بزرگ کے مزار پر باندھ دیں۔ اللہ کے حکم سے یہ مرد زنانہ پن ختم کر کے دوبارہ اپنے وقار کو سمجھے گا۔ انشاء اللہ۔

احتلام کے لئے

اگر کسی کو بلاوجہ احتلام کثرت سے ہوتا ہو اور کئی علاج کروانے کے بعد بھی اس کی روک تھام نہ ہو سکے تو اس نقش کو رات کو سونے سے پہلے اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے تصور رکھ کر لکھ لیا جائے اور صبح نہار منہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر اس کا پانی پیا کرے اللہ کے فضل و احسان سے احتلام کا عارضہ جڑ سے ختم ہوگا۔ انشاء اللہ۔

سوزاک کے لئے

باوضو حالت میں ایک مرتبہ سورۃ ناس پڑھ کر آب باراں پر دم کرے اور مریض کو پلائے سات یوم تک بلا ناغہ پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سوزاک کا مرض جاتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

بواسیر کے لئے

اگر اس نقش کو اس مرض کی خاطر دریا یا نہر کے اندر ناف کے مقام تک جا کر زعفران سے لکھا جائے اور اگر مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر کوئی خاتون ہو تو اپنے الٹے بازو پر باندھے تو اللہ کے حکم سے بواسیر کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

بواسیر کے لئے

جس شخص کو کسی قسم کی بھی بواسیر ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سورۃ ناس بکثرت پڑھے

انشاء اللہ بواسیر ختم ہو جائے گی۔

الرجی کے لئے

اگر کسی کو بھی الرجی کی شکایت ہو تو ان نقوش کو دونوں کی ترتیب سے زردے کے رنگ سے لکھ کر گھر میں استعمال ہونے والے نمک میں رکھے اور اسی نمک کو ہر کھانے پینے والی چیز میں استعمال کرے اللہ کے حکم سے ان کو کسی دوسرے علاج کی ضرورت نہیں رہے گی۔

کھجلی کے لئے

اگر کسی مرد و عورت یا بچے کو ہر وقت جسم پر کھجلی رہتی رہے یا سر کھجاتے کھجاتے سر میں پھوڑے و پھنسیاں بن گئی ہوں اور کسی بھی علاج سے آرام نہ آ رہا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر زیتون کے تیل میں رکھ دے اور پھر کسی مخصوص وقت جہاں کھجلی ہوتی ہو وہاں اس تیل کی مالش کرے اگر کھجلی کے علاوہ جسم میں ہر وقت درد بھی رہتا ہوگا تو بھی اسی تیل کی مالش کی جائے اللہ کے فضل و احسان سے ان دونوں مرضوں سے مکمل نجات ہوگی۔

چیچک کے لئے

اگر کسی کو اس کا عارضہ لاحق ہو جائے تو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے ایک عدد پھر لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کرم فرمائے گا۔

پٹھوں کے لئے

اگر کسی کو پٹھوں کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے زیتون کے تیل میں ڈال کر اس تیل کی مالش پٹھوں پر کریں اور ایک عدد اپنے گلے یا بازو پر باندھ لیں اور ایک عدد پانی میں ڈال کر اس کا پانی صبح نہار منہ پیا کریں۔ اللہ فضل کرے گا۔ انشاءاللہ۔

حفاظت حمل کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو یا ایسا کئی مرتبہ ہو چکا ہو اور اس کا صحیح علاج نہ ملتا ہو تو سورۃ الناس کو اس خاتون کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اللہ کے حکم سے حمل کی مکمل حفاظت ہو گی اور کوئی بھی کسی عمل کے ذریعے اس حمل کو ضائع نہیں کر سکے گا۔ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ وَ بِحَقِّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمُ وَ بِحَقِّ سُبْحَانَ الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ بِحَقِّ سُبْحَانَ ذِى الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ وَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ وَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.**

☆☆☆

اعوذ باللہ سے
مشکلات کا حل



اقبال احمد مدنی

مشکلات کا حل



روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب

سورۂ کافرون سے
مشکلات کا حل



روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب

سورۂ اخلاص سے
مشکلات کا حل

